اصل مقصد جو اس تحریک کے ذریعے مارشل لاء کو اٹھانے کا تھا حل ہو گیا آپ کو علم ہے کہ اس اعلان کے بعد اس معزز ایوان نے بھی وزیر اعظم صاحب کے اس اعلان کو خوش آمدید کیا اور ان پر ایک دفعہ پھر اعتماد کا ووٹ پاس کیا اب جب اس کی تاریخ مقرر ہو گئی تو پھر یہ مسئلہ اس طرح کا نہیں رہا، کہ کونسا قانون پہلے پاس ہو، کون سا بعد میں پاس ہو کیونکہ uncertainty تاریخ کی تھی اگر یہ کہا جاتا ہے کہ جب تک یہ قانون پاس نہ ہو، اس وقت تک تاریخ اناؤنس نہیں کی جا سکتی۔ تو پھر اس پر بحث کی جا سکتی تھی کہ کونسا قانون پہلے پاس کرنا چاہیئے۔ اب ایک بات واضح ہے کہ ۱۲ تاریخ ٹارگٹ ڈیٹ ہے مجھے نہیں علم، محترم سینیٹر صاحب نے یہ کہاں سے لیا، کہ اس بل کو مشروط کیا گیا ہے یہ بل اس مقصد کے لئے پیش کیا گیا کہ جب مارشل لاء ختم ہو گا اور ملک کے اندر سول گورنمنٹ آئے گی تو ایوان کے اندر اور باہر بھی نیشنل اسمبلی کے اراکین نے اور سینیٹر صاحبان نے درست طور پر یہ مطالبہ کیا کہ صاحب کچھ بیلنس آف پاور خراب ہو گیا ہے اب جب یکم جنوری کو اس ملک میں مارشل لاء نہیں ہو گا تو سول گورنمنٹ جو ہے ان کے اختیارات کی تقسیم اس آئین کے تحت مناسب نہیں تھی اس کو درست کرنا چاہیئے تھا۔ تو اس خیال سے یہ بل پہلے نیشنل اسمبلی کی خدمت میں پیش کیا گیا انہوں نے اس پر debate کی، اس پر اپنی ترامیم دیں اس پر جو کافی گروپس تھے یا اراکین کا اختلاف رائے تھا وہ ختم کیا گیا اور اتفاق رائے سے یہ بل پاس ہوا جو اس کے بعد اب سینیٹ کے پاس زیر غور ہے اس کے ساتھ ہی ساتھ ایک سے زائد دفعہ وزیر اعظم کی طرف سے فرمایا گیا اور میں نے بھی گزارش کی کہ اگلا بل پولیٹیکل پارٹی کی ترمیم کا بل ہو گا جو آپ کی خدمت میں پیش کریں گے وزیر اعظم صاحب نے اپنے بیان میں تو کہیں تاریخ مقرر نہیں کی کہ فلاں تاریخ کو پیش کیا جائے گا۔

میں معزز سینیٹر کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ پولیٹیکل پارٹی کا بل بھی آپ کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے اس پر بھی آپ فیصلہ کریں گے نیشنل اسمبلی بھی اس پر فیصلہ کرے گی اور ہم نے یہ کوئی پابندی نہیں لگائی کہ جب تک یہ نہ کریں مارشل لاء

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

کی تاریخ میں ردوبدل ہو سکتا ہے ہم نے تو صرف یہ کہا ہے کہ مارشل لاء اٹھانے کے بعد اس آئین کے اندر یہ ترامیم ضروری تھیں کہ پہلے کر لی جائیں اور اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں محترم سینیٹر صاحب کی تشفی ہونی چاہیئے لیکن جہاں تک موشن کا تعلق ہے جس طرح کے ارشادات فرمائے گئے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اس سے ان کا استحقاق مجروح نہیں ہوتا کیونکہ یہ پرویلیج کی تعریف میں کسی طور پر نہیں آتا کیونکہ وزیراعظم صاحب نے ایک موشن پر بیان دیا تھا اس پر یقین دہانی اس معزز ایوان کو کرائی تھی جب یہ انتظامی اور قانونی معاملات ہیں ان کو پورا کر دیا جائے گا اگر آپ ارشاد فرمائیں تو میں ساری تقریر معزز سینیٹر کی اور پرائم منسٹر کی بھی پیش کر سکتا ہوں۔ لیکن انہوں نے کافی relevant حصے جو ہیں وہ پڑھ دیئے ہیں تو میں اس معزز ایوان کا زیادہ وقت ضائع نہیں کرنا چاہتا میں صرف یہ گزارش کروں گا ٹیکنیکلی یہ استحقاق بنتا نہیں ہے۔ لیکن میں اس طرف گئے بغیر یہ عرض کروں گا انشاءاللہ تعالیٰ یہ پولیٹیکل ایکٹ بھی آپ کی خدمت میں پیش ہو رہا ہے اور آپ بھی اس پر غور فرمائیں گے امید ہے یہ دونوں ایوان مارشل لاء کی اس تاریخ سے پہلے یہ لیجسلیشن مکمل کر لیں گے اور مارشل لاء بہر طور ۳۱ دسمبر تک ختم ہو جائے گا۔ اور یہی دراصل ان کی تحریک استحقاق کا مقصد تھا۔ کہ کسی طریقے سے یہ بات یقینی ہو جائے تو ان کی کوششوں سے ہمارا اراکین کی کوششوں سے اور قوم کی خواہش کے مطابق وہ ایک certain تاریخ مقرر ہو چکی ہے اور میں سمجھتا ہوں اب کسی قسم کی غلط فہمی اس سلسلے میں باقی نہیں رہنی چاہیئے۔ اور میں استدعا کرونگا کہ وہ اپنی تحریک کو پریس نہ کریں۔

جناب چیئرمین : جناب قاضی حسین احمد صاحب۔

قاضی حسین احمد : جناب والا! میں سمجھتا ہوں میری تحریک استحقاق میں جو نکات اٹھائے گئے تھے ان کے بارے میں جناب وزیر قانون نے کچھ نہیں فرمایا میری تحریک استحقاق بنیادی نکتہ یہ تھا کہ وزیراعظم نے اپنی تقریر میں یہ کہا کہ مارشل لاء کا اٹھایا جانا پولیٹیکل پارٹی ایکٹ کے ساتھ وابستہ ہے یہ واضح طور پر ان کی تقریر کے ٹیکسٹ سے ثابت ہوتا ہے اب وہ کہتے ہیں کہ یہ وابستہ نہیں ہے یہ ایک پہلی غلط بیانی ہو گی اگرچہ باقاعدہ اس کا کوئی آفیشل گزٹ نہیں ہوا کہ ۳۱ دسمبر

سے پہلے مارشل لاء اٹھ جائے گا۔ یہ کوئی سرکاری بیان نہیں ہے اس طرح کے بیانات تو اس آٹھ سال میں بہت سارے ڈیفنز ہوتے رہے ہیں سی۔ ایم۔ ایل۔ اے کے بارے میں تو یہ زبان زد عام ہے Cancel My Last Announcement سی۔ ایم ایل۔ اے کا مطلب یہی ہے اس طرح کے بیانات پر اور تقریروں پر نہ قوم کا اعتماد ہے نہ ہم اعتماد کر سکتے ہیں گزٹ میں کوئی بات نہیں آئی، دستور میں کوئی بات نہیں آئی، کیونکہ آٹھویں ترمیمی بل کے بارے میں لوگوں کا یہ اصرار تھا کہ اس میں لکھا جائے کہ مارشل لاء ۳۱ دسمبر کو اٹھ جائے گا اس کو وزیر قانون نے اور دوسرے تمام لوگوں نے fight کیا ہے اور اس کو نہیں آنے دیا اس لئے یہ جو کہہ رہے ہیں کہ فیصلہ ہو گیا ہے تو فیصلہ نہیں ہوا، وزیر اعظم صاحب نے پہلے کہا تھا کہ پولیٹیکل پارٹی ایکٹ راستے میں رکاوٹ ہے یہ پاس ہو جائے گا تو خطا نہیں رہے گا پولیٹیکل پارٹیاں بحال ہو جائیں گی تو مارشل لاء نہیں رہے گا حالانکہ وہ کہتے ہیں "یہ ہر ایک کو معلوم ہے رہبر ہر جگہ تمام meetings میں ہم سے کہا گیا ہے کہ آٹھواں ترمیمی بل پاس نہیں کریں گے تو مارشل لاء نہیں اٹھے گا،، آگے کہتے ہیں کہ "۳۱ دسمبر کو بہر حال اٹھے،، تو کیا یہ سمجھتے ہیں ــــــــ (مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ کے ساتھ میٹنگز میں جو کچھ ہوتا ہے۔ وہ الگ بات ہے۔ وہ آپ جانیں اور آپ کی میٹنگز۔ اگر اس ہاؤس میں کوئی چیز کہی گئی ہے اور اس کا انحراف ہے تو اس پر آپ ــــــــ (مداخلت)

قاضی حسین احمد: وہ تو یقیناً انحراف ہے۔ یقیناً وزیر اعظم صاحب نے جو بات کی ہے۔ اس سے وہ ہٹ گئے ہیں۔ پولیٹیکل پارٹی ایکٹ کی بجائے یہ ترمیمی بل لائے اور سارے پریس میں پوری nation میں یہ زبان زد عام ہے کہ مارشل لاء اٹھانے کے ساتھ اس بل کو وابستہ کر دیا گیا ہے۔ یہ conditional بنا دیا گیا ہے اب یہ کہتے ہیں کہ "نہیں، نہیں" تو یہ وضاحت سے بیان دے۔ ہمیں بڑی خوشی ہے۔ اور یہ کہتے ہیں کہ "ہمیں جلدی ہے، جلدی کرو جلدی کرو تاکہ مارشل لاء اٹھ جائے"۔ تو اس کا مطلب ہے کہ آٹھویں ترمیمی بل کو پاس کرنے کی کوئی جلدی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین ۔ جناب اقبال احمد خان صاحب ۔

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! سی ایم ایل اے کا مطلب انہوں نے ارشاد فرمایا ہے۔ "'Cancel My Last Announcement'" اس کے باوجود میں نے بڑے زور و شور کے ساتھ ریفرنڈم میں حصہ لیا تھا کہ سی ایم ایل اے صاحب صدر بن جائیں مجھے ان پر اعتماد تھا کہ وہ صدر بننے کے بعد مارشل لاء اٹھا دیں گے اس لیے میں نے اس میں حصہ لیا تھا اور میں نے جلسے بھی کئے تھے اور پولنگ سٹیشنوں کے انتظامات بھی کئے تھے"۔

بہرحال وہ ریفرنڈم ہو گیا میں اب اس بحث میں نہیں پڑنا چاہتا۔ جہاں تک انہوں نے ارشاد فرمایا ہے کہ میں نے اس کے متعلق کچھ نہیں عرض کیا۔ اب حضور والا! اس ایوان کے اندر officially جناب وزیراعظم صاحب نے اناؤنس کیا تھا۔ اور نیشنل اسمبلی کے اندر بھی کہ ۳۱ دسمبر تک مارشل لاء اٹھا لیا جائے گا۔ اور وزیراعظم صاحب کا وہ بیان officially اس ایوان کے اندر ہوا۔ جس پر انہیں ہدیہ تبریک پیش کیا گیا تعریف کی گئی۔ Vote of thanks and confidence بھی دیا گیا۔ اب جناب صورت بالکل واضح ہے کہ وزیراعظم صاحب نے اپنی ذات تک تو گارنٹی دے دی۔ اگر

۳۱ دسمبر تک مارشل لاء نہیں اٹھایا جاتا تو محترم سینیٹر صاحب کے پاس یہ حق محفوظ ہے کہ اس ایوان کے اندر جو واضح اعلان کیا گیا اس کی خلاف ورزی ہوئی ہے اس لیے جناب وزیراعظم صاحب کا محاسبہ بڑی آسانی سے ہو سکتا ہے۔ اس کے لیے remedy ان کے پاس موجود ہے۔

جہاں تک تحریک استحقاق کا تعلق ہے۔ جناب یہ تحریک استحقاق نہیں، ریزولیوشن ہے۔ اس میں ویسے میں نے ان سے گزارش کرنے کی کوشش کی ہے۔ کہ صورتحال ایک دفعہ reiterate کر دیجئے ورنہ ان کے آخر میں تو لکھا ہوا ہے کہ اسی لیے وعدے کے مطابق سیاسی جماعتوں کا قانون سینیٹ کے سامنے پیش کر دیا جائے اور مارشل لاء کو فوری طور پر اٹھا لیا جائے۔ استحقاق کی بات نہیں انہوں نے یہ ایک مطالبہ کیا ہے۔ اس لحاظ سے یہ پریولیج موشن تو بنتی نہیں ہے۔ البتہ ان کا یہ مطالبہ کسی اور

طریقے سے اس ایوان میں پیش کیا جا سکتا ہے۔ اس لیے فنی بنیاد پر میں سمجھتا ہوں کہ تحریک استحقاق inadmissible ہے۔ ویسے میں نے گزارش کی تھی کہ مقصد تو اتنا ہی ہے کہ وزیر اعظم کے یہاں اس ایوان کے اندر اعلان کے بعد مارشل لاء اٹھ جائے۔ انہوں نے اعلان کر دیا ہے۔ انہوں نے ذاتی گرنٹی اس ایوان اور قوم کو دے دی، اس سے بڑی اور کیا ضمانت ہو سکتی ہے۔ اس سلسلے میں انشاء اللہ تعالیٰ مارشل لاء اس ایوان کی کوششوں سے ۳۱ دسمبر تک ضرور اٹھ جائے گا۔

**Mr. Hasan A. Shaikh:** Point of Order, Sir, how can a Member be allowed to speak triplicately? The honourable Member has spoken twice.

**قاضی حسین احمد:** POINT OF EXPLANATION, SIR جناب والا! انہوں نے یہ ایک ریزولیوشن کہا ہے۔ میں نے مطالبہ یہ کیا ہے۔ کہ اس بل کے بجائے وہ پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ یہاں لایا جائے اس پر بحث کی جائے۔ وہ پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ لایا جائے تو پھر اس سینٹ کا استحقاق بھی مجروح نہیں ہوگا اور ہمارا بھی نہیں ہوگا۔ اس کو ہم واپس لیں گے لیکن پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ کی بجائے اس بل کو زیر غور لایا جائے تو ہمارا استحقاق مجروح ہوتا ہے۔

**جناب چیئرمین:** جناب پروفیسر خورشید صاحب۔

**پروفیسر خورشید احمد:** محترم چیئرمین صاحب! میں اصل مسئلے کے بارے میں کچھ نہیں کہنا چاہتا۔ اسے قاضی صاحب نے واضح کر دیا ہے اور محترم وزیر عدل نے اپنا بھی Point of view پیش کر دیا ہے۔ میں صرف دو نکات آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں۔

پہلی بات یہ ہے کہ دراصل اس وقت یہ مسئلہ ہمارے سامنے ہے کہ اگر ایوان میں وزیر اعظم یا کوئی وزیر assurance دے دیں اور اس کے بعد اس assurance کو honour نہ کیا جائے تو آیا اس ایوان کا استحقاق مجروح ہوتا ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ بہت serious ہے اور اس لیے اور سیریس ہے کہ اکثر وزراء

[Prof. Khurshid Ahmed]

اس بات کے عادی ہوگئے ہیں کہ جب چاہیں جان چھڑانے کے لیے وقتی طور پر دے دیں۔ اور اس کے بعد اسے بھول جائیں۔ دراصل اس کی بہت بڑی دور رس implications ہیں۔ اس لیے میں آپ کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں کہ اصل issue یہ ہے جس کو سامنے رکھیں۔ یہ محض ایک سیاسی مسئلہ نہیں ہے دوسرا پوائنٹ یہ ہے کہ آپ اس پر میری رہنمائی بھی فرمائیں کہ تحریک استحقاق میرے علم کی حد تک اگر کسی right کو کسی حق کو مجروح کرتی ہے۔ تو سوال remedy کا پیدا ہوتا ہے کہ اس کی remedy کیا ہے۔ تحریک استحقاق پر سزا بھی بھی دی جا سکتی ہے۔ تو اس کی طرف سے remedy یہ ہے کہ جو وعدہ کیا جاتا ہے اسے پورا کیا جائے۔ اس وعدے کے مطابق عمل کیا جائے یہی اس کی remedy ہو سکتی ہے۔ اور اگر remedy تحریک استحقاق میں ہو تو وہ resolution بن جاتی ہے۔

جناب چیئرمین: جناب جاوید جبار صاحب۔

**Mr. Javed Jabbar:** Sir, I would only submit, and I am sure, Sir, you will use your sagacity and wisdom but in giving your ruling, either at this time or reserving it, may I request that you take a broad and liberal interpretation of Rule 59 which defines the question of privilege. Because the question of privilege raised by my honourable colleague, I think, is broader in vision and concerns every single citizen of this country and as a repository of the rights of the four Provinces of this country. The Senate can claim that its privilege has been breached if certain commitments have not been kept in the sequence in which we understood those commitments to have been made. Thank you.

**Mr. Zahurul Haq:** Mr. Chairman, first I would like to know whether within the meaning of Rule 60, this privilege motion has been admitted by the Chairman or not?

**Mr. Chairman:** No, it has not been admitted yet. It is yet to be decided.

**Mr. Zahoor-ul-Haq:** Then, the permission to so many speakers is the violation of Rule 60.

**Mr. Chairman:** You are right.

میرا خیال ہے کہ ذرا مجھے کچھ اور بھی تفصیلات بیان کرنی ہوں گی کیونکہ آپ بات میرے ذمے ہی ڈال دی ہے۔ کہ اس کی وضاحت بھی کروں اور رولنگ بھی دوں کہ وہ صحیح ہے یا غلط ہے۔

سب سے پہلے وہ پہلا نکتہ جو میرے خیال سے وزیر الطاف صاحب نے فرما دیا تھا کہ

ع شہادت ہے مطلوب و مقصود مومن ۔

جتنی بحث چلی تھی، جتنی assurance اس ایوان میں ہوئی تھیں جتنی تقاریر اس ایوان میں ہوئی تھیں وہ سب اس بنیاد پر ہوئی تھیں کہ مارشل لا کسی طریقے سے اٹھایا جائے۔ اس ضمن میں سب سے پہلے میں قاضی حسین احمد صاحب کی جو پریولیج موشن تھی وہ میں پڑھ کے آپ کو سنا دیتا ہوں۔ جو انہوں نے پہلے move کی تھی۔

یہ تحریک استحقاق قاضی حسین احمد صاحب کی ہے۔

" صدر مملکت کا قومی اور صوبائی اسمبلیوں اور سینیٹ کے منتخب دستوری اداروں کے وجود میں آنے کے بعد مارشل لاء کے جاری رہنے سے اس معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہوتا ہے۔ اس لیے یہ ایوان تجویز کرتا ہے کہ مارشل لاء فوری طور پر اٹھایا جائے تاکہ قرارداد مقاصد اور دستور پاکستان کے مطابق اللہ کی حاکمیت، قرآن و سنت کی بالادستی اور پاکستانی عوام کی نیابت کے بنیادی مقاصد پورے ہو سکیں "۔

جیسا میں نے پہلے عرض کیا وہ مطلوب و مقصود مومن صرف یہ کہ کسی طریقہ سے مارشل لاء کو اٹھایا جائے اسی پہ تحریک استحقاق قاضی حسین احمد صاحب نے پیش کی تھی اور بحث وہاں سے چلی تھی۔ جو کچھ انہوں نے واپس لیا جس assurance پہ لیا وہ بھی مارشل لاء کی بابت تھی کہ وہ اٹھایا جائے گا۔ اب اس کے مطابق قاضی صاحب نے بڑی تفصیل سے پرائم منسٹر کی speech سے ان کے ارشادات کا کچھ حوالہ دیا ہے۔ میں نے بھی کچھ اپنے طور پر مطالعہ کیا ہے۔ اس ضمن میں چند گزارشات آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔ اس سے آپ فیصلہ کریں کہ کس حد تک یہ جو وزیر اعظم کا وعدہ تھا اگر وہ واقعی وعدہ تھا اور اس sense میں تھا جیسا کہ پروفیسر خورشید صاحب نے کہا کہ وہ ایک assurance ہے assurance اس Sense میں کہ وہ بالکل ہی ایک قطعی assurance

[Mr. Chairman]

ہے، un-conditional, تو پھر تو وہ بالکل صحیح فرماتے ہیں لیکن اگر وہ شرائط کے ساتھ ہے۔ کوالیفائیڈ ہے۔ کچھ اور اس میں کہا گیا ہے۔ تو پھر صورت کچھ اور بنے گی۔

اب میں آپ کو پرائم منسٹر کی speech سے کچھ اقتباسات سناتا ہوں۔

"میری خواہش ہے کہ جس مقصد کے لیے مارشل لاء اٹھانے کا پروگرام ہم نے نیشنل اسمبلی کے سامنے عرض کیا تھا۔ اسی طریقۂ کار کو میں سینٹ کے سامنے عرض کرنا چاہتا ہوں اور میں یہ عرض کروں گا۔ کہ سینٹ کی بھی ایک کمیٹی مقرر کی جائے کیونکہ مقصد یہ ہے کہ جیسے نیشنل اسمبلی کا قوانین کے متعلق اپنی سفارشات دے۔ simultaneously سینٹ کے ممبران بھی اپنی سفارشات تیار کریں۔ اگر ضرورت ہوگی تو اس پر ہم co-ordinate بھی کریں گے تاکہ یہ قانون صحیح طریقے سے نیشنل اسمبلی میں پیش ہو جائے اور جب وہ یہاں آئے تو آپ کو بھی زیادہ وقت نہ ہو۔

یہ قانون نیشنل اسمبلی اور سینٹ کو اکٹھے پاس کرنا ہے۔ جب پاس ہوگا تو اس کے بعد ہی اگلے مرحلے کی طرف ہم نکل سکیں گے"۔

دو نکتے یہاں پر نوٹ کرنے کے ہیں۔ پہلے تو یہ فرماتے ہیں۔ کہ قانون نیشنل اسمبلی میں پاس ہوگا۔ صاف الفاظ میں کہا ہوا ہے۔ اب جب وہاں سے پاس ہوگا۔ تو پھر یہاں سینٹ میں آئے گا۔ اور سینٹ میں پاس ہونے کے بعد تو دوسرے یا اگلے مرحلے کی طرف ہم نکل سکیں گے۔

These are the exact words

اصل الفاظ یہ ہیں۔ تو ان دو نکتوں کو آپ ذہن میں رکھیں۔ آگے میں پھر آپ کو جو انہوں نے آگے فرمایا ہے۔ سناتا ہوں۔ "مجھے امید ہے کہ یہ سینٹ کی کمیٹی جو آپ منتخب کر رہے ہیں اس کو بھی اسی حوصلے کے ساتھ ۲۰/۲۵ جولائی تک اپنی سفارشات پیش کرنی چاہئیں۔ تاکہ ایک صحیح قانون عمل میں لایا جائے میں سمجھتا ہوں کہ جس جذبے اور ارادے کے ساتھ ہمارے ممبران یہاں منتخب ہو کر آئے ہیں۔ وہ بڑے حوصلے کے ساتھ اس مارشل لاء کو اٹھوانے کے لیے ہمارا ساتھ دیں گے۔ جذبات میں نہیں آئیں گے"۔

دوبارہ جو پوائنٹ نوٹ کرنے کا ہے وہ یہ ہے کہ "مارشل لاء کو اٹھانے کے لیے ہمارا ساتھ دیں گے جذبات میں نہیں آئیں گے"۔ ابھی قاضی صاحب نے پریویلج موشن پیش کی ہے۔ میں نے ان سے یہاں آنے سے پہلے ہی درخواست کی تھی کہ ہمارے جو الیکشن ہوئے ہیں۔ ان کو چار پانچ مہینے گزر چکے ہیں۔ اب کچھ مہینے انتظار کرلیں جولائی میں ارشاد فرمایا ہے میں کہ ہمارے انتخاب ابھی ہوئے ہیں اور کچھ مہینے آپ اور انتظار کرلیں۔ جولائی سے آپ گنیں کہ کچھ مہینے کا مطلب کیا ہوتا ہے۔ یہ میں آپ پر چھوڑتا ہوں ان ضروریات کی چیزوں کو آپ فائنل کرلیں۔ یہاں پر بھی جو لفظ use ہوا ہے۔ ضروریات use ہوا ہے ضرورت نہیں ہے۔ اس proposal کو accept کریں اور اپنی پریویلج موشن کے اوپر وہ دوبارہ غور کریں، اور آپ اپنے پریویلج موشن کو زیادہ پریس نہ کریں۔ اور سینیٹ کے ممبران کو موقع دیں تاکہ حوصلے کے ساتھ اپنی ریکمنڈیشنز پولیٹیکل پارٹیز کے ریوائیول کے لیے لے آئیں۔ آگے پھر قاضی صاحب نے خود جو ارشاد فرمایا ہے وہ بھی میں پڑھ کر سنا دوں، "جب انہوں نے کہا کہ چند مہینے کا اور انتظار ہے" اس پر قاضی صاحب فرماتے ہیں "چند مہینوں کا حشر ہم دیکھ چکے ہیں، 90 دن کا حشر بھی ہمیں معلوم ہے" اور ابھی جو انہوں نے جو لاسٹ اناؤنسمنٹ کے متعلق فرمایا ہے میرے خیال میں ان چیزوں کو اس طرح نہیں لینا چاہئیے۔ وہ جو کہتے ہیں ایم ڈی جو کہ ڈاکٹری کی سب سے بلند ڈگری ہے۔ اس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے۔ mentally deficient تو یہ آپ کی مرضی ہے کہ جس طرح آپ اس کی ترجمانی کریں۔ لیکن اس سے کچھ نہیں بنتا۔ خیر یہ تو ضمناً ایسے ہی ایک بات تھی۔

میں قاضی صاحب کے اقتباسات پیش کر رہا تھا۔ "چند مہینوں کا حشر ہم دیکھ چکے ہیں۔ نوے دن کا حشر بھی ہمیں معلوم ہے۔ دوسرے جو تین ہفتوں کا کہا گیا تھا کہ انتیس رکنی کمیٹی اپنی رپورٹ دے گی، لیکن اس کے بعد آج تک انہوں نے رپورٹ نہیں دی۔ اور بیس جولائی کے بعد بھی وزیراعظم صاحب نے فرمایا کہ چند مہینے انتظار کریں۔

میں عرض کروں گا کہ وہ ۲ جولائی اور اس سیشن میں یقین دہانی کرائیں کہ بل پاس ہو ہو جائے گا، اور اسی سیشن کے دوران اس جولائی کے مہینے میں یہ مارشل لاء ہٹ جائے

[Mr. Chairman]

گا۔ تو میں اپنی تحریک استحقاق واپس لے لوں گا" آگے نمایاں چیزیں آ رہی ہیں۔
" میں کوئی کرائسس پیدا کرنا نہیں چاہتا۔ میری تحریک استحقاق پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ قوم بھی اس طرف متوجہ ہو۔ سینیٹ اور تمام لوگ بھی اس طرف متوجہ ہوں۔ لیکن اس کے بغیر ان منتخب اداروں کا وجود باطل ہے۔" اس کا کوئی تعلق نہیں تھا پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ سے۔ ان تمام کا تعلق قاضی صاحب کی اپنی orignal تحریک استحقاق سے تھا جو میں نے پہلے آپ کو سنایا۔ اس کا لب لباب اور مطلوب و مقصود صرف مارشل لاء کو ہٹانا تھا۔"

" یہ میں نے عرض کیا تھا فوراً اور جلد از جلد بلا تاخیر مارشل لاء اٹھایا جائے۔ ہم الجھنوں سے بچ سکتے ہیں ورنہ مزید الجھنیں پیدا ہوں گی اور اس کے بعد چند مہینے دوبارہ ممکن نہیں ہوں گے۔" تو یہ کچھ ایسے اور بھی چلتے ہیں۔ اس پر پھر پرائم منسٹر نے پھر دوبارہ کہا ہے کہ جیسے کمیٹی کی ریکمنڈیشنز آئیں گی جیسے قاضی صاحب نے آپ کو سنا دیا ہے۔ کوئی تاخیر نہیں ہو گی۔ یہاں آنے سے پہلے بھی قاضی صاحب سے بات کی تھی:" خدشہ صرف اس بات کا ہے کہ یہ جو کمیٹیاں بنتی ہیں اس کا مقصد معاملات کو ڈھیلا کرنا ہوتا ہے۔ اب یہ بھی سوچنے کی بات ہے کہ کس معاملے کو ڈھیلا کیا جائے گا۔ معاملہ ڈھیلا کرنے کا تھا جو یہ ایک حیلہ بہانہ تلاش کر رہے ہیں مارشل لاء کو مزید طول دینے کا۔ اس لیے یہ کمیٹیاں بنائی جاتی ہیں" قاضی صاحب نے اس وقت بھی یہ ارشاد فرمایا تھا اور تمام بحث کا موضوع بھی یہی تھا کہ جو جو کمیٹیاں بنتی ہیں ان سے معاملات کو ڈھیلا کیا جاتا ہے۔ صاف الفاظ میں میں ابھی کہہ چکا ہوں کہ میں مارشل لاء کو لمبا کرنے کے لیے کوئی پارٹی نہیں بن سکتا۔ اور نہ ہی یہ ایوان پارٹی بن سکتا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ جہاں آپ آٹھ سال اس مارشل لاء کے دور میں رہے ہیں اور الیکشن لڑ کر آئے ہیں اب چند مہینے اس کو issue نہ بنائیں اور پھر ایسا کرنا کہاں کی صحیح بات ہو گی۔" تو یہ تھا جو اصل میں اس وقت پرائم منسٹر نے ارشاد فرمایا تھا۔ یہ سات جولائی کی بحث ہے۔ چودہ اگست کو انہوں نے اعلان کیا کہ مارشل لاء ہٹے گا۔ یعنی اب تک جتنے پاپڑ بیلے گئے ہیں وہ اسی کے لیے تھے کہ مارشل لاء کس طریقہ سے اٹھایا جائے۔ اس پر آپ سب نے اسی ایوان میں پرائم منسٹر کو مبارکباد دی۔ نہ صرف مبارکباد دی بلکہ سٹینڈنگ اویشن دیا۔ دوبارہ اعتماد کا اظہار کیا ابھی تک

پرائم منسٹر نے، جہاں تک مجھے علم ہے اور جہاں تک ریکارڈ کا تعلق ہے۔ اور جو تقاریر میں نے سنی ہیں اس میں کوئی بات ایسی سامنے نہیں آئی کہ پرائم منسٹر نے اس اعلان پر کہ "۳۱ دسمبر کو یہ مارشل لاء اٹھایا جائے گا" سے انحراف کیا ہو۔

اس کے ساتھ دوسری یہ بات متعلق ہے کہ باہر جو کچھ کہا گیا ہے۔ اخبارات کی مرضی ہے پریس کی آزادی پر ہم سب یقین رکھتے ہیں۔ جو کچھ وہ لکھتے ہیں جو کچھ وہ اخذ کرتے ہیں یا کسی نتیجہ پر پہنچتے ہیں ان کی اپنی مرضی ہے ان کی اپنی صوابدید ہے

لیکن جہاں تک اس ایوان کے اندر کا تعلق ہے میں نے یہ نہیں سنا۔ لا منسٹر صاحب نے، پرائم منسٹر صاحب نے یا کسی اور وزیر نے کہا ہو کہ اگر یہ قانون تم پاس نہیں کرتے تو یہ مارشل لاء نہیں اٹھے گا۔ اگر ایسا ہوا تو اس سے ضرور آپ کو گلہ ہونا چاہیئے۔ اس سے استحقاق کا مجروح ہونا بھی غالباً بن سکتا ہے۔ اس لیے کہ ایک دباؤ کے تحت آپ کو مجبور کیا جا رہا ہے۔ کہ ایک چیز پر تم انگوٹھا لگاؤ یا ربڑ سٹیمپ بن جاؤ۔ ایسا کوئی ارادہ نہیں ہے اور نہ ہی کسی نے یہ کہا ہے۔ بلکہ ۱۴ اگست کو جو اعلان کیا گیا تھا۔ وہ غیر مشروط تھا اور اب بھی میرے خیال میں وہ غیر مشروط ہے کیونکہ کسی نے اس ایوان کے اندر اور اس کے ساتھ اسمبلی میں بھی اس کو مشروط نہیں کیا۔ باہر ہر طرح کی باتیں ہوتی ہیں۔ لیکن جب تک وہ ریکارڈ پر نہ آئیں۔ جب تک آپ ان کا اظہار نہ کریں تو کام نہیں بنتا۔

دوسرا نکتہ استحقاق بننے کے لیے جو بیان کیا گیا ہے میں نے پرائم منسٹر صاحب کے بیان کے یہ تمام صفحات پڑھے ہیں۔ ان میں چند مہینوں کا ذکر ہے ان میں کوئی چیز ایسی نہیں ہے۔ کہ فلاں تاریخ کو میں نے پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ لے آنا ہے یا میں نے کچھ اور کرنا ہے۔ یہ بھی لکھا نہیں ہوا کہ پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ سے پہلے کوئی اور قانون اس ایوان میں نہیں آئے گا۔ تو یہ سب چیزیں دیکھتے ہوئے جو کچھ وزیر الفاف نے ارشاد فرمایا مجھے اس سے اتفاق ہے۔ کہ اگر ۳۱ دسمبر تک مارشل لاء نہیں اٹھتا کوئی بھی وجہ ہو تو میرے خیال میں اس ایوان کو ضرور حق پہنچتا ہے کہ وہ اپنے استحقاق کے مجروح ہونے کی شکایت کرے۔ اپنی تحریک لے آئے لیکن موجودہ صورت بالکل anticipatory ہے اور میرے خیال میں جو رولز اینڈ ریگولیشنز ہیں

[Mr. Chairman]

اور میں مشکور ہوں جناب بیرسٹر ظہور کا کہ انہوں نے مجھے توجہ دلائی - ان کے تحت یہ ایڈمٹ نہیں ہو سکتی

This cannot be taken as privilege motion.

پریویلیج موشنز کی شرائط میں نے کل بھی آپ کو سنائی تھیں اور اگر میں ان کو پڑھوں تو یہ وقت کا ضیاع ہو گا - تو یہ پریویلیج موشن نہیں بنتی - مجھے افسوس ہے -

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** I dont doubt your ruling, but I would just request you and I hope your ruling does not mean that any assurance given by a Minister in this House does not amount to breach of priviledge. I just want to remove any doubt.

**Mr. Chairman:** Then, why do I reach to a conclusion? I put words in my mouth which I have not said. If I mean to say that I would have stated that. Thank you.—I have never said so. I said actually that assurances given unequivocally, definite, precise if they are breached then, of course, you have a complaint. But if there is a vague assurance and I can't say it vague without due defference to the Prime Minister "chand mahinay"( چند مہینے ). 'Chand Mahinay' is what? 'Chand Mahinay' I interprete as 3 months, 4 months and somebody may interprete it even 6 or 7 months. 'Chand' is 'Chand'.

ایک دو مہینوں کی بات نہیں ہے چند مہینوں کی بات ہے -

So, it all depends on the interpretation.

**جناب قاضی حسین احمد :** جناب والا ! میں چیئر کا بہت احترام کرتا ہوں - چونکہ آپ نے رولنگ دے دی ہے اس لئے میں مزید کچھ نہیں کہوں گا -

**جناب چیئرمین :** یہ معاملہ اب ختم ہو چکا ہے - شکریہ ، اگلی - مولانا کوثر نیازی صاحب کے نام پر ہے - بلکہ دو ہیں - پروفیسر خورشید کی بھی اسی مضمون کی ہے -

---

## PRIVILEGE MOTION; FAILURE OF THE GOVERNMENT RE-CONSTITUTING THE COUNCIL OF ISLAMIC IDEOLOGY

**مولانا کوثر نیازی :** جناب والا ! رولز آف پروسیجر اینڈ کنڈکٹ آف بزنس ان دی سینیٹ ۱۹۷۳ء کے رول نمبر ۸۵ (۱) کے ذریعے ہاؤس کو یہ اختیار حاصل ہے کہ اگر کوئی ممبر کسی بھی بل پر یہ اعتراض وارد کرے کہ یہ خلاف اسلام ہے تو اسے کونسل

آف اسلامک آئیڈیالوجی کے پاس بھیج دیا جائے تا کہ وہ یہ ایڈوائس دے سکے کہ بل اسلام کے خلاف ہے یا نہیں۔

مگر بدقسمتی سے یہ کونسل جو ہمارے آئین کا اہم حصہ ہے پچھلے کئی ماہ سے قائم نہیں ہے اور اس طرح سینٹ کا یہ رول غیر مؤثر اور معطل ہو گیا ہے۔ اور ممبران سینٹ کسی بل پر یہاں تک کہ آٹھویں ترمیمی بل پر بھی یہ اعتراض کر کے اسے کونسل کے پاس نہیں بھجوا سکتے تاکہ وہ اسکے مخالف اسلام کے نقطہ نظر سے رائے دے سکے۔

اس صورت حال کی وجہ سے ایوان کا استحقاق مجروح ہو رہا ہے۔ اس لئے میں تحریک کرتا ہوں کہ اس پر ایوان میں بحث کی جائے۔

جناب چیئرمین: جناب پروفیسر خورشید صاحب بھی اپنی تحریک پڑھ لیں۔

**Professor Khurshid Ahmad:** Sir, I beg to move that the privilege of the House has been violated by the fact that the Government has failed to appoint the Islamic Ideology Council which is a Constitutional body and to which this House is entitled to refer Bills which are deemed to be repugnant to the injunctions of Islam. In the absence of the Islamic Ideology Council this House is hampered from fulfilling some of its Constitutional obligations. This issue be discussed in the House.

جناب چیئرمین: جناب مولانا کوثر نیازی صاحب آپ کچھ ارشاد فرمائیں گے۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! constitution کی دفعہ ۲۲۸ کے تحت یہ لکھا ہے کہ

There shall be, constituted within a period of ninety days from the commencing day, a Council of Islamic Ideology, in this part referred to as the Islamic Council.

اس کی Constitution کے بارے میں آئین میں صراحت ہے کہ ۹۰ دن کے اندر بنائی جائے گی ہر چند کہ اس کے reconstitute ہونے کے بارے میں کوئی مدت مقرر نہیں ہے لیکن یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ اس آئین کی دفعہ کی سپرٹ کی رو سے وہ مدت بھی ۹۰ دن سے زیادہ نہ ہو۔ لیکن بدقسمتی سے پچھلے کئی ماہ سے یہ کونسل جو ہمارے آئین کا اہم حصہ ہے موجود نہیں ہے اور اس اسلامی حکومت نے اس کونسل کو معطل کر رکھا

[Maulana Kausar Niazi]

ہے ۔ ادھر جناب والا! ہمارے ان رولز میں یہ صراحت موجود ہے کہ جب کوئی ممبر یہ اعتراض کرے کہ یہ مسئلہ اسلام کے خلاف ہے تو وہ سینٹ کے ۲/۵ ٹوٹل ممبرشپ کی تائید سے ہاؤس اس کونسل کے پاس بھجوا سکتا ہے تاکہ وہ اس پر یہ رائے دے کہ یہ اسلام کے مطابق ہے یا نہیں ۔ اب وہ کونسل جب exist ہی نہیں کرتی تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم ان رولز کے مطابق کام نہیں کر سکتے اور جب یہ رولز مؤثر ہی نہیں ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہاؤس مؤثر طور پر function نہیں کر سکتا ۔ اس طرح جناب والا! کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی کی عدم موجودگی میں اور اس کو جان بوجھ کر معرض تاخیر میں حکومت نے ڈال کر گویا اس ایوان کو معطل کر دیا ہے ، اپاہج کر دیا ہے اور یہ اپنی کارروائی کو آگے نہیں بڑھا سکتا ان وجوہ کی بناء پر واضح طور پر اس سے اس ایوان کا استحقاق مجروح ہوتا ہے اور اس کا یقیناً ہمیں نوٹس لینا چاہیئے ۔

جناب چیئرمین : جناب پروفیسر خورشید صاحب ۔

پروفیسر خورشید احمد : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب چیئرمین ! چونکہ میری اس تحریک اور محترم کوثر نیازی صاحب کی تحریک کا مقصود ایک ہی ہے اس لئے میں اس بات کو repeat نہیں کروں گا جو انہوں نے کہہ دی ہے مجھے اس سے پورا پورا اتفاق ہے میرا بیان بھی اسی پر مبنی ہے لیکن میں آپ کی توجہ دستور کی دفعہ ۲۲۸ کے ساتھ ساتھ دستور کی دفعہ ۲۲۹ پر مبذول کرنا چاہتا ہوں میں ان کی اس رائے سے اتفاق نہیں کرتا کہ ۹۰ دن کے اندر اندر ہر حال میں اس آئیڈیالوجی کونسل کو قائم ہونا چاہیئے دفعہ ۲۲۸ کی تعبیر یہ ہے کہ یہ صرف دستور کے قبول کئے جانے اور کنونس کئے جانے سے ہے اس کے بعد دستور کا منشاء یہ ہے کہ continuity حاصل ہو اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کو اور کوئی وقت ایسا نہ ہو کہ جب کہ یہ کونسل وجود میں نہ ہو جس طریقے سے عدالت کے ایک مرتبہ قائم ہونے کے بعد اس کے لئے کانٹینیوٹی درکار ہے اور اگر عدالتیں ملک میں قائم نہ ہوں تو پھر دستور کے تقاضے پورے نہیں ہوتے اس لئے کہ وہ ایک کانسٹیٹیوشنل آرگن ہے بالکل اسی طریقے سے اسلامک آئیڈیالوجی کونسل بھی ایک کانسٹیٹیوشنل آرگن ہے اور میں اس کے لئے دلیل دفعہ ۲۲۹ کی لانا چاہتا ہوں جہاں یہ بات دستور میں مذکور ہے

کہ جب دفعہ ۲۲۹ کے تحت اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کو صدر یا کوئی ایک ہاؤس یعنی نیشنل اسمبلی یا سینٹ یا پروونشل اسمبلی، پریزیڈنٹ گورنر، کوئی مسئلہ دیکھتے ہیں، میں پڑھتا ہوں

The Council shall, within fifteen days thereof, inform the House, the Assembly the President or the Governor, as the case may be, of the period within which the Council expects to be able to furnish that advice.

جس کے صاف معنی یہ ہیں کہ ہمیں ۹۰ دن کا انتظار کرنے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اس ادارے کو ہمیشہ قائم رہنا چاہیئے اور اس پوزیشن میں ہونا چاہیئے کہ جب ایگزیکٹو یا legislative body کوئی مسئلہ بھیجے تو پندرہ دن کے اندر اندر اسکے بارے میں یہ بتا سکے کہ اس کی کیا رائے ہے اور کب یہ رائے دینی ہے۔

اب صورتحال یہ ہے کہ مئی ۱۹۸۴ء سے چند ماہ نہیں بلکہ ایک سال سے زیادہ کا وقت گذر چکا ہے اگر آپ اس زمانے کو چھوڑ دیں جبکہ دستور بحال نہیں ہوا تھا۔ تب بھی اگر آپ مارچ سے لیں تو سات مہینے گذر چکے ہیں لیکن اسکے باوجود ہم نے اس ادارے کو قائم نہیں کیا۔ میری نگاہ میں یہ دستور کے الفاظ اور روح کی خلاف ورزی ہے اور اس بنا پر اس ایوان کے لئے اپنی بہت سی ذمہ داریاں ادا کرنے میں مشکلات پیدا ہو رہی ہیں۔ جو پریویلج کا بریچ کانسٹی ٹیوٹ کرتا ہے۔ اس بناء پر ہمیں گورنمنٹ کو اس طرف متوجہ کرنا چاہیئے کہ وہ اس ادارے کو جلد از جلد بحال کرے اور اگر نہیں کرتی ہے تو ہمیں سوچنا چاہیئے۔ کہ ہم گورنمنٹ کے خلاف کیا ایکشن لے سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین : شکریہ ۔ جناب اقبال احمد خان صاحب۔

---

جناب اقبال احمد خان : جناب والا! جیسا کہ ابھی ارشاد فرمایا گیا کہ اس ہاؤس کا استحقاق اس لئے مجروح ہو رہا ہے کہ کونسل وجود میں نہیں ہے اور جو رولز آف بزنس ہیں اس کے رول ۸۵ کے تحت اگر کوئی ریفرنس کیا جائے تو کونسل چونکہ وجود میں نہیں ہوگی اس لئے وہ استحقاق مجروح ہو جائے گا۔

میں سب سے پہلے آپ کی خدمت میں یہی عرض کروں گا کہ رول ۸۵ کی رو سے کسی طور پر بھی کونسل کے وجود اور عدم وجود کا یہاں کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا اگر یہ معزز

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

ایوان چاہے تو کونسل کو وہ کوئی mattar جو رول ۸۵ میں دیا ہے ریفر کر سکتا ہے اور اس کے بعد اگر پھر اس کی خلاف ورزی ہو یا وہاں کوئی delay ہو تو اس کے متعلق یہاں کوئی شکایت کی جا سکتی ہے لیکن پھر میں یہ عرض کروں کہ اس معزز ایوان کے کام کو چلانے کے راستے میں یہ کسی طور پر بھی حائل نہیں ہے کیونکہ رول ۸۵ کی سب کلاز-۲ جو ہے وہ اس طرح read کرتی ہے۔

(2) Notwithstanding a reference under sub-rule (1), the Senate may at any time proceed with the Bill, if it considers that in the public interest the passage of the Bill should not be postponed till the advice is furnished.

پھر جناب اس کے آگے اور سب کلاز ۳ ہے۔

(3) The advice of the Council of Islamic Ideology on a question referred to under sub-rule(1) shall, on receipt, be immediately laid on the Table and if the Senate is not in session at that time, it shall be laid on the Table on the first day of its next session.

And Sub-clause (4) Sir,

(4) If the advice of the Council of Islamic Ideology is furnished after the Bill referred to in sub-rule (2) has been enacted and is to the effect that the law is repugnant to the Injunctions of Islam, the Minister concerned shall, within seven days of the laying of the advice on the Table, move that the law be reconsidered and further action thereon shall be taken in accordance with the provisions of this chapter as if the law were a Bill referred to the Standing Committee under Rule 82.

اب جناب یہ رول ۸۵ واضح ہے کہ اگر کسی مرحلے پہ کوئی قانون یا کوئی بل یہ ایوان کونسل کو بھیجنا چاہے تو اس میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ اسکو ریفر کرنے کے باوجود یہ ایوان اس کو ڈسکس کر کے، اس کو enact بھی کر سکتا ہے اور enactment کے بعد اگر کونسل کی رپورٹ آتی ہے تو پھر اس کی روشنی میں اسکو ڈسکس کر کے۔ متعلقہ قانون کو درست بھی کیا جا سکتا ہے اس لئے یہ کہنا کہ جناب اس وقت کونسل نہیں ہے اور اس ایوان کا کام رکا ہوا ہے، شاید یہ بات درست نہ ہو۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ اس لحاظ سے کونسل کا وجود میں نہ ہونا، جس کی وجہ سے معزز ایوان کا کام رکا ہوا ہے اور یہ استحقاق ہے، میں سمجھتا ہوں کہ بات شاید درست نہیں ہے۔

جناب والا! جہاں تک کونسل کا تعلق ہے۔ اس کے متعلق میں عرض کروں گا کہ درست فرماتے ہیں کہ کافی عرصے سے کونسل dissolve ہو چکی ہوئی ہے۔ یہ درست ہے کہ پہلی دفعہ کونسل کانسٹیٹیوٹ کرنے کے لئے ایک ٹائم limit مقرر ہے لیکن ڈیزولیوشن کے بعد ٹائم لمٹ مقرر نہیں ہے میں معزز ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ کونسل کی کانسٹیٹیوشن کا مسئلہ اس وقت حکومت کے زیر غور ہے اور اس کا بہت جلد اعلان کر دیا جائے گا جس وقت کی انہوں نے نشاندہی فرمائی ہے اور وہ دور ہو جائے گی ان گذارشات کے بعد میں عرض کروں گا کہ میری رائے کے مطابق اور ۵۸ رول کی روشنی میں یہ استحقاق نہیں بنتا ہے۔ میں اس یقین دھانی کے ساتھ گذارش کروں گا ہم اس کونسل کے قیام کا بہت جلد اعلان کر رہے ہیں اور یہ توقع کروں گا کہ معزز اراکین اپنی اس موشن کو پریس نہیں کریں گے۔

جناب چیئرمین : جناب مولانا صاحب۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا! میں صرف اتنی گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ معزز وزیر فرماتے ہیں کہ کونسل کو ریلیز کیا جا سکتا ہے اور اگر اب ہم اس کو ریلیز کرنا چاہیں تو کونسل جب موجود ہی نہیں ہے تو اس کو کہاں ریلیز کریں، کس کے دفتر کو ریلیز کریں۔ سنگ و خشت کا نام تو دفتر نہیں ہے۔ کونسل تو ایک جیتے جاگتے افراد کا مجموعہ ہوتی ہے۔ جب افراد موجود نہیں ہیں۔ کرسیاں خالی پڑی ہیں تو ہم وہاں جا کر کس کو یہ حوالے کریں کیا اسے کلرکوں کے حوالے کریں، یہ کس کو دیں۔ سوال یہ ہے کہ اگر ریفرنس ہم کر نہیں سکتے تو پھر ظاہر ہے کہ رولز جو ہیں یہ معطل ہیں۔ یہی بات ہم نے کہی تھی کہ ان وجوہات کی بنا پر ایوان مؤثر طور پر کام نہیں کر رہا ہے۔

جناب چیئرمین : پروفیسر صاحب آپ کچھ مزید ارشاد فرمائیں گے؟

پروفیسر خورشید احمد : میں جناب والا! آپ کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ میں نے جو بنیادی نکتہ اٹھایا تھا، وہ یہ تھا کہ دستور کا جو مدعا ہمارے سامنے آ رہا ہے وہ یہ ہے کہ جس طرح عدالتوں کا، ان میں چاہے کوئی کیس جائے یا نہ جائے وغیرہ ضروری ہے، ایک ملک کی دستوری ضرورت کو پورا کرنے کے لئے، اسی طرح

[Prof. Khurshid Ahmed]

اسلامک آئیڈیالوجی کونسل ایک ایسا دستوری آرگن ہے۔ جس کی continuity خود ایک ضروری چیز ہے۔ اس کے جواب میں وزیر موصوف نے کہا ہے کہ رول ۱۸۵(۴) کے اندر اس بات کی گنجائش ہے کہ اگر ایوان قانون بنانے کے لئے بحث جاری رکھے تو رکھ سکتا ہے۔ لیکن اس کی وجہ یہ نہیں ہے کہ اس کا سہارا لیکر آئیڈیالوجی کونسل ایک کانسٹیٹیوشن آرگن وجود میں نہ لائے بلکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر آئیڈیالوجی کونسل کو کسی معاملے میں تحقیق کی بناء پر جستجو کیلئے، دوسرے اداروں سے مشورہ کرنے کے لئے زیادہ وقت کی ضرورت ہو تو اس سے ایوان کا کام متاثر نہ ہو۔ یہ دراصل بڑا غلط استدلال ہے کہ ایک گنجائش جو کہ ایک خاص ضرورت کے لئے رکھی گئی ہے اپنی عدم توجہی یا مصروفیت یا سہل انگاری، یا جو بھی وجہ ہو، اس کی بناء پر آپ نے ایک breach of Constitution کیا جس کے نتیجے کے طور پر ایک breach of Privilege بھی واقع ہوا ہے تو یہ جواز ان کا سہارا نہیں بن سکتا۔

جناب والا! اس کے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بلاشبہ ان کی یہ بات درست ہے کہ اس ایوان نے کونسل کے پاس کوئی مسئلہ نہیں بھیجا ہے لیکن جو دستوری ادارے ہوتے ہیں ان کا انحصار اس بات پر نہیں ہوتا کہ آپ وہاں کوئی معاملہ بھیجتے ہیں یا نہیں بھیجتے ہیں۔ میں جناب یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر ہم بھیجنا چاہیں۔ تو نہیں بھیج سکتے اور یہ مسئلہ صرف اس بل کے ساتھ ہی وابستہ نہیں ہے بلکہ ہمارے پاس پہلے جو متعدد بل آئے مضاربہ کا بل اور بنکنگ کونسل کا بل ہے جن کے بارے میں ہمیں یہ مشکل پیش آئی تھی۔ آپ کو معلوم ہے کہ بنکنگ کا بل پھر ہم نے ایک کمیٹی کے سپرد کیا تھا ہم نے اس کو کونسل کے پاس نہیں بھیجا تھا کیونکہ کونسل موجود نہیں۔ اسلئے میں جو بات عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس معاملے میں حکومت کو اپنی روش پر نظر ثانی کرنی چاہیئے اور جو دستوری ادارے ہیں ان کو بحال کرنا چاہیئے۔

جناب چیئرمین: مجھے پروفیسر خورشید اور مولانا کوثر نیازی صاحب سے پورا اتفاق ہے کہ ایک Constitutional ادارے کو، جیسے کہ پروفیسر خورشید صاحب نے فرمایا کہ جیسے کورٹس کا استمرار ہوتا ہے continuity ہوتی ہے

برقرار رکھا جاتا ہے خصوصاً آرٹیکل ۲۲۸ اور ۲۲۹ ، یہ سب revive ہو چکے ہیں
مجھے یہ بھی یاد ہے بنکنگ کونسل کے بارے میں جو امنڈمنٹ لائے تھے : اس کے سلسلے میں بھی
یہی پوائنٹ اٹھایا تھا کہ اس ادارے کو جلد از جلد مکمل کیا جائے ۔ یہ دونوں باتیں صحیح
ہیں ۔ میرے خیال میں اس کے بارے میں جو تساہل ہوا ہے وہ جس بنا پر بھی ہوا ہے
وہ ہوا ضرور ہے ۔ حکومت کو چاہیئے کہ جتنی جلدی ہو سکے اس کو اب مکمل کرے اب سوال
یہ ہے کہ اس سے واقعی استحقاق مجروح ہوا ہے یا نہیں اس پر میں وہی عرض کروں گا جس
کے بارے میں کچھ وزیر انصاف نے اشارہ کیا ۔

دوسری بات یہ ہے کہ

The Council of Islamic Ideology as an institution still exists. It has an office; and it has one Member already appointed. Breach of Privilege would occur only if a matter is referred to this particular office and we get a reply within fifteen days to which a reference has been made by the Minister for Justice that unfortunately, we are not in a postion to indicate the time by which we would be able to give our opinion on this subject because the Council is not properly constituted. That, I think, would amount to and that would be the occasion when certainly there would be, breach of privilege. But as of law, we have not referred anything under Rule 85, whatever the sub-section is, to this Council therefore, we cannot say it . It has been only anticipated that this would come in our way. It has not come in our way. So far, the breach of privilege would only arise if, in fact, it does come in our way *i.e.* the non-existence; it is not the non-existence but the non-completion of the membership of this particular institution. It is exactly like a High Court. There may be a case, where supposing a reference is made to the Council of Islamic Ideology, which the previous Council might-have considered and they would give decision that this is the Councils' view already expressed on so and so occasion. There may be altogether a new thing which would require, then, a fresh consideration by the Council as such. Then, actually the one Member can say that since we are not fully constituted, I am not in a position to give decision on this that amounts then, to a breach of Privilege. Like a High Court, if the provision is that a particular case would be decided by a Bench and the Bench is not constituted, then, it again breaks the continunity although the High Court is existing.

So, my request would be that at this stage if we do not press and we take the assurance if the honourable Law Minister would indicate by what time, because this is always become a controvercial point, say a month,

[Mr. Chairman]

two months or within the next 10 days time, how soon you expect that this would be constituted. Because there should be some finality...... (interruption).

جناب اقبال احمد خان : جناب والا اگر آپ ریکارڈ ملاحظہ فرمائیں تو معلوم ہو گا کہ اس موشن کا نوٹس وزارت مذہبی امور کو نہیں ملا ، متعلقہ وزارت وہی ہے اس لئے میں حتمی طور پر ابھی کچھ عرض نہیں کر سکتا ۔ میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ اس معزز ایوان کی توقعات سے بہت جلد پیشتر کونسل کو مکمل کر لیا جائے گا ۔ اگر یہ "ٹائم" چاہتے ہیں تو پھر مجھے اس کی مہلت دی جائے کیونکہ متعلقہ وزارت مذہبی امور کو اس موشن کا کوئی نوٹس نہیں ملا ۔

جناب چیئرمین : میں for our future guidance ایک چیز عرض کر دوں کہ لبا اوقات یہ معلوم نہیں ہوتا کہ کونسا سبجیکٹ کون ڈیل کرتا ہے اور یہ حکومت کی اپنی ذمہ داری ہوتی ہے ، یا لیڈر آف دی ہاؤس کی ، یا جو کوئی بھی نمائندگی کر رہا ہو کہ وہ آپس میں co-ordinate کریں ۔ اگر کوئی سوال ایک وزارت سے پوچھنا ہوتا ہے جو اس کے پاس جاتا ہے ، اگر یہ اس سے متعلق نہیں ہوتا تو پھر دوسری وزارت جواب دیتی ہے اس طرح تمام معاملہ اجتماعی ذمہ داری کا ہے ۔ اسلئے اگر وزارت مذہبی امور یا اقلیتی امور ، جس سے بھی یہ دریافت کرنا تھا ، اس کے متعلق معلوم کرنا ، حکومت کا اپنا کام ہے کہ آپس میں ایک دوسرے سے صلاح مشورہ کر کے جواب دیں کہ صاحب یہ ہمارا جواب ہے حکومت کی طرف سے ، وزیر انصاف ، جواب نہیں دے رہا ہوتا اور نہ ہی وزیر مذہبی امور جواب دیتا ہے ، یہ جواب حکومت ہی دے رہی ہوتی ہے ۔ اس لئے میرے خیال میں آپس میں صلاح مشورہ کر کے

let them indicate the time by which this Council can be constituted.

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین ، مجھے اس بات سے تو اتفاق ہے کہ ہم وزیر عدل کو موقع دیں کہ وہ ایک دن ، دو دن میں مشورہ کر کے ۔ ایگزیکٹ تاریخ بتا دیں --- (مداخلت)

**Mr. Chairman:** Exactly.

پروفیسر خورشید احمد: کہ وہ کتنی مدت میں اس کو کنسٹیٹیوٹ کر لیں گے۔ لیکن میں پورے ادب کے ساتھ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ میں ہمیشہ آپ کی رائے کا بڑا احترام کیا کرتا ہوں اور آپ کی معلومات کا بھی لیکن خود وزیر عدل نے بھی یہ بات کہی تھی کہ یہ ادارہ اب dissolve ہو چکا ہے اور اب exist نہیں کرتا۔ یہ صحیح ہے کہ ایک فرد وہاں موجود ہے اور وہ اس لئے ہے کہ وہ کل وقتی طور پر وہاں کام کرتا ہے لیکن کونسل کے اگر باقی سارے ارکان بھی ہو جائیں لیکن اس کا چیئرمین نہ ہو اور اس کے دستور میں یہ پروویژن نہ ہو کہ چیئرمین کی غیر حاضری میں وہ اپنا چیئرمین بنا سکتے ہیں تو وہ constitute نہیں ہوتی اس لئے کہ وہ operational نہیں ہے اسوقت بھی ایک فرد وہاں ضرور بیٹھا ہوا ہے لیکن وہ اپریشنل نہیں ہے تو اس بناء پر یہ ہمیں نہیں کہنا چاہئے کہ وہ ادارہ exist کرتا ہے ہمیں تسلیم کرنا چاہئے کہ ادارہ exist نہیں کرتا اور حکومت جلد از جلد اس کو بنالے آپ اس کو بنا دیں ہم اس کو تسلیم کر لیں گے:

جناب چیئرمین: میرے خیال میں یہ کچھ definition کی بات ہے کہ ادارہ exist کرتا ہے۔ ادارہ fully constituted ہے۔ کورٹ موجود ہے کورٹ کا مجسٹریٹ غائب ہے۔ کچھ اس طرح کی بات ہو جاتی ہے۔ ریڈر تاریخ بدل سکتا ہے۔ اگر مجسٹریٹ نہیں ہے۔ میرے خیال میں جو آپ کا مطلب ہے اس سے مجھے پورا اتفاق ہے

That, by now this body should have been properly constituted and we would request the honourable Minister for Justice and Parliamentary Affairs to kindly consult his collegues in this regard.

پس اس بناء پر میرے خیال میں اس پر subject to this آپ شاید اس پر زور نہ دیں تو بہتر ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: پریس نہیں کرتا۔

جناب اقبال احمد خان: جناب والا، اگر اجازت ہو تو ایک وضاحت کر دوں پروفیسر صاحب کے لئے کہ یہ جو میں نے گذارش کی تھی کہ dissolve ہو چکی ہے

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

میں نے جیسا کہ بعد میں یہ عرض کیا کہ مجھے متعلقہ وزارت سے مشورہ کرنا ہے میں نے معزز سینیٹر کے بیان پر اعتماد کرتے ہوئے یہ عرض کیا تھا کہ وہ dissolve ہو چکی ہے۔ یہ میں نے اس لئے کہا تھا کہ ۱۹۸۴ء میں یہ dissolve ہو گئی تھی چونکہ مجھے ان کے بیان پر مکمل اعتماد ہے۔ میں نے اس لئے کہا تھا۔ باقی جس طرح آپ نے وضاحت فرمائی ہے یہ درست ہے اور باقی جو صحیح آئینی پوزیشن ہے۔ میں وہ بہت جلد پیش کر دوں گا۔

جناب چیئرمین: میں آپ کو ابھی سے یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ اگر کوئی چیز ریفر ہو گئی اسلامی نظریاتی کونسل کو اور ان کا یہ جواب آیا کہ چونکہ یہ پورا ادارہ موجود نہیں ہے اگرچہ مجھے اس وقت یہ نہیں کہنا چاہیئے کہ یہ ضرور استحقاق مجروح ہونے کا جواز ہو گا اب تحاریک التواء، تحریک التواء نمبر ۸، مولانا کوثر نیازی صاحب۔

## ADJ MOTION *RE:* PURCHASE OF BOEING 737 PLANES BY THE GOVERNMENT

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی روک کر مندرجہ ذیل مسئلے پر بحث کی جائے۔

پاکستان انٹرنیشنل ائر لائنز نے جون ۱۹۸۵ء میں ساڑھے اٹھارہ کروڑ ڈالر یعنی ۵۷ کروڑ روپے فی طیارہ کے عوض جو ۶ بوئنگ طیارے خریدے ہیں ماہرین اور مسافروں نے انہیں پاکستان کے لئے قطعی طور پر غیر موزوں قرار دیا ہے۔ بوئنگ ۷۳۷ طیاروں میں پڑنے والے "اے" گریڈ نقائص نے پچھلے تمام طیاروں کو مات کر دیا ہے جس کی وجہ سے ان طیاروں کا مختلف ہوائی اڈوں پر کھڑے رہنا ایک معمول بن گیا ہے۔ اگست کے پہلے ہفتے میں ایک بوئنگ طیارے کا لاہور کے ہوائی اڈے سے چلتے وقت وائپر ٹوٹ گیا جس سے جہاز پرواز کے قابل نہ رہا۔ لاہور ہی میں ایک اور بوئنگ کی بریک میں بھرا ہوا مواد رسنے لگا جس کی وجہ سے وہ جہاز ۲۴ گھنٹے پرواز نہیں کر سکا۔ خریدے جانے والے طیاروں کے انجنوں کا یہ عالم ہے کہ اس میں معمولی سی چیز جسے اصطلاحاً الف او ڈی کہا جاتا ہے پڑ جائے تو ان کی پرواز ناممکن ہو جاتی ہے۔ یہی نہیں ان طیاروں کے انجن

ہیں دھات پگھلنے کی مقدار دیگر جہازوں کے مقابلے میں زیادہ ہے۔ جو پرواز کے دوران انہیں مختلف النوع خطرات سے دوچار کر سکتی ہے ان بوئنگ طیاروں کی خامیوں میں سے ایک اور خامی یہ ہے کہ ان کا انجن رن وے سے صرف اٹھارہ انچ اونچا ہوتا ہے جبکہ پاکستان کے ناہموار رن وے پر معمولی سا جھٹکا بھی جہاز کے انجن کو رن وے سے ٹکرا سکتا ہے۔ پی آئی اے کے ان ۵ بوئنگ ۷۳۷ تھری ہنڈرڈ تھرٹی سیون طیاروں میں سے ایک سے زائد جہازوں کے انجن اس مختصر مدت میں بھی تبدیل کئے جا چکے ہیں۔ ان طیاروں میں سامان رکھنے کی جگہ بھی بہت کم ہے جس سے خلیج اور پاکستان کے درمیان سفر کرنے والے پاکستانی مسافروں کو بے حد دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے بسا اوقات سامان اور مسافر ایک دوسرے سے بچھڑ جاتے ہیں۔ مزید برآں ان طیاروں کی خرید قومی خزانے پر بھی بوجھ ہے کیونکہ اس سے پی آئی اے کے پاس کل طیاروں کی تعداد ۴۱ ہو گئی ہے جبکہ پی آئی اے کے پاس اتنے زیادہ طیاروں کے لئے روٹ بھی موجود نہیں ہیں۔ چنانچہ پی آئی اے اپنے تین طیارے امارات ائر لائنز کو کرائے پر دینے کے لئے مذاکرات کر رہی ہے۔

یہ صورت حال سینٹ کے لئے توجہ طلب ہے اور فوری بحث کی متقاضی ہے۔

جناب والا! میں یہ گذارش کروں گا کہ یہ جو جہاز ہمارے پی آئی اے نے خریدے ہیں ان کے بارے میں یہ نقائص یہیں سامنے نہیں آئے بلکہ ابھی جو حادثہ برٹش ایئر ویز کو مانچسٹر کے ہوائی اڈے پر پیش آیا اور جس سے کئی قیمتی جانیں ہلاک ہو گئیں وہاں بھی جو طیارہ زیر استعمال تھا وہ یہی ۷۳۷ بوئنگ تھا اور اس کے بارے میں گارڈین نے ۲۴ اگست کو جو رپورٹ شائع کی ہے، جناب والا، اس میں اس نے یہ کہا کہ

The British Airways yesterday began checking of all the engines in Boeing 737 after flight. It was learnt that the explosion at Manchester Airport on Thursday was the 8th such incident in four years.

گویا ۷۳۷ طیاروں کے ساتھ یہ سب معمول بن گیا ہے اور پچھلے ۴ سالوں میں خود برطانیہ میں برٹش ایئر ویز کے ساتھ ۸ اس طرح کے حادثے پیش آ چکے ہیں۔ صرف یہی نہیں کہ برطانیہ میں یہ صورتحال ہے جناب والا! بلکہ امریکہ میں بھی یہی کہا گیا ہے۔

[Maulana Kausar Niazi]

The American Survey was ordered after it was discovered that 15 engines had been involved in series of fires including the crash of 737 jet in the United Arab Emirates in December, 1983.

یہ طیارے جن کا صحت مند ہونا اور جن کا قابل اعتماد ہونا پوری دنیا میں مشکوک ہو گیا ہے ان کا ہمارے ملک میں خریدا جانا جبکہ وہ ہماری ضروریات کو بھی پورا نہیں کرتے یقیناً ایک ایسا فعل ہے جس سے پاکستانی مسافروں کی جان کو خطرہ لاحق ہو گیا ہے اور اس پر جو غیر ضروری خرچ ہوا ہے اس سے بھی خزانہ زیر بار ہوا ہے اس لئے میں یہ چاہتا ہوں کہ اس پر ایوان میں بحث ہونی چاہیئے ۔

**Dr. Mahbub-ul-Haq:** Thank you, Mr. Chairman, Sir, I would beg to oppose the motion and its admissibility on several grounds. First, by this is not a matter of recent occurrence. According to Rule 71, (c). the adjournment motion should be restricted to a matter of recent occurrence. Sir, the decision to buy these 737 planes was taken by the PIA Board on 7th August, 1983 and they finally inducted in May, 1985 and in those two years there was a very creful preparation. It was discussed several times in the PIA Board by the management. There were ten aircrafts which were shortlisted. Subsequently, the competition was narrowed to two aircrafts, which were 737— 300 and MD-82, and after a very detailed expert evaluation of the comparative performance of these two, the decision was taken to buy six 737—300 aircrafts. Sir, you will recall that in your previous capacity as Finance Minister, you also reviewed this case thoroughly, made your observations and comments and certain amendments were carried out. The decison was also referred to the President on a representation made at that time and the President held up your judgement that we should go ahead with the purchase of these planes. Later on, on a further representation the case was referred to the Wafaqi Mohtasib who also authenticated the decision taken by the PIA Board of Directors and approved by the Government of Pakistan. Sir, this is the long history of two years. It is not a matter of recent occurrence.

Secondly, Sir, it is based on certain hypothetical fears and it is covered by Rule 71 (J) that the adjournment motion shall not deal with a hypothetical case. Various fears have been expressed by the honourable Senator, and less they create any situation of anxiety, fear or panic in the country, I want to reassure the nation through you, Sir, and through this House that these aircrafts have been performing satisfactorily. Thier performance is 6.5 hours a day which is considered by the industry standards as excellent. Sir, while we bought only 6 of these Aircrafts, 1300 Boeings 737—300 and 737—200 have been bought till July, 1985, 1300 in the whole world, Sir, and 1100 have been delivered and they are functioning.

Sir, as to the matter of accidents, I will recommend to the honourable Senator that he should look at the incidence of these accidents among other planes. Luckily, and I hope we can maintain this record, Sir, PIA. has had an excellent record of air safety and we are determined to maintain it and we hope that God will be kind to us and we will have the prayers of the honourable Senator in this. There are some teathing troubles, Sir, in any aircraft which is inducted. Anybody familiar with the aircraft industry will tell you that but those teathing troubles do not mean that we have taken any chances on either the safety of these aircrafts or the safety of the nation. They have been choosen after a very careful deliberations, after examination at various levels, not only at the PIA, in the Ministry of Finance and Planning Commission, in the CDWP, in the ECNEC but at the highest level by the President and then a review by Wafaqi Mohtsib. also.

And, as such, Sir, I would suggest that the Government have tried to make the best possible decision. The planes are working satisfactorily. There are no known hazards which are associated with these planes. There are many more and hundreds of these working elsewhere. And I would like to suggest, Sir, that for these reasons this adjournment motion is not admissible and creates fears on conjectural basis which are very unfortunate and should not be created, through this House, because we have to ensure that the anxieties and fears in the nation are not created on grounds which can jeopardize viability of our only national airlines which has been conducting its affairs with the utmost care and deliberation. Thank you Sir.

جناب چیئرمین : جناب مولانا کوثر نیازی صاحب۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! بات یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے میں اپنی ایڈجرنمنٹ موشن میں بہت سے ایسے پہلوؤں کا ذکر کر چکا ہوں جنہیں انہوں نے ٹچ نہیں کیا انہوں نے انہیں ہائی پوتھیٹکل کنسڈریشن کہہ کر یکسر رول آؤٹ کر دیا جناب والا ! یہ باتیں ہیں جو ماہرین نے پوائنٹ آؤٹ کی ہیں ۔ اور ہمارے پریس میں چھپی ہیں ۔ اور خود ہم تک انہوں نے پہنچائی ہیں اور ان کا کوئی شافی کافی جواب آج تک پی آئی اے کی طرف سے ہمارے پریس میں شائع نہیں ہوا ، جہاں تک حادثوں کا تعلق ہے میں نے "گارڈین" کے حوالے سے یہ عرض کیا ہے کہ جتنے حادثے ان جہازوں کو دنیا میں پیش آئے ہیں کسی کو نہیں آئے اور بات وہ ہے جو "پائنیر" میں چھپے میرا خیال تھا کہ "گارڈین" کی بات کو وہ خاصا وزن دیں گے ۔ لیکن ٹیکنیکل گراؤنڈ پر انہوں نے ہر بات

[Maulana Kausar Niazi]

ناک آڈٹ کر دی حالانکہ قیمتی جانیں جو ہیں وہ ٹیکنیکلیز سے بہت بلند اور بالا ہیں میں ان سے کہتا ہوں کہ پی آئی اے کی کارکردگی کے ضمن میں جو کچھ انہوں نے فرمایا اگر وہ واقعی وہ یہ سمجھتے ہیں کہ قوم کو اس پر بہت زیادہ اطمینان ہے تو کیوں نہیں وہ کوئی دن مقرر کرتے جب پی آئی اے کی کارکردگی کے سارے پہلو یہاں زیر بحث آئیں اور گورنمنٹ کو یہ موقع ملے کہ وہ پی آئی اے ساری کارکردگی کو پیش کرے اور سینیٹرز کو بھی یہ موقع ملے کہ پبلک کی شکایات ہیں انہیں بیان کر کے اپنی تشفی کر سکیں۔

جناب چیئرمین: وہ خیر ایک الگ بات ہے یہاں بات چھ جہازوں کی خریدگی ہے، جناب زہری صاحب۔

میر نبی بخش زہری: جناب میں اجازت چاہتا ہوں کہ میں کچھ کہوں یہ ملک گیر مسئلہ نہیں ہے۔ بلکہ انٹرنیشنل ہے۔ جس سے ہماری اس آرگنائزیشن کا تعلق ہے۔ میں نے دیکھا کہ جناب مولانا نیازی صاحب نے جو کچھ فرمایا اور ہمارے آنریبل منسٹر صاحب نے جو کچھ کہا تو اس ضمن میں آپ سے اجازت چاہتا ہوں کہ میں اس معزز ایوان میں یہ کہوں کہ جہاں تک آنریبل منسٹر نے جو کچھ فرمایا ہے وہ انہوں نے اپنی فائیلوں اور آفیشل کارروائی کا حوالہ جو دیا وہ نہ پبلک میں آیا نہ کسی کو اس کا علم ہے بلکہ منیجنگ ڈائریکٹر پی آئی اے کے ایک کمرے سے دوسرے کمرے میں چیئرمین کے پاس یا وزیر خزانہ کے پاس یا جناب پریذیڈنٹ صاحب کے پاس، اس فائل کے ذریعے پہنچا اور وہ میٹنگ چند آدمیوں کی ہوگی، اگر ایکنیک ہے یا اے سی سی ہے وہاں بھی محدود سے چند لوگ ہیں بڑے اچھے ذہین، سمجھدار اور عقل کل بھی ہو سکتے ہیں۔ لیکن یہ مسئلہ عوام سے متعلق ہے اور یہ ایک بہت بڑی آرگنائزیشن ہے جس سے ملک کو بہت بڑا فائدہ بھی پہنچتا ہے ہم اس کا اقرار کرتے ہیں۔ ہم اگر پی آئی اے میں نہ سفر کریں تو ہم اتنی جلدی نہ آ جا سکیں اگر جناب بھی ہمیں طلب کریں تو شاید ہم اونٹوں پہ آئیں اور کتنے مہینے لگ جائیں۔ جہاں اس کی تعریف کا سوال ہے کہ ہم ایک گھنٹے میں یہاں پہنچ سکتے ہیں وہاں ۷۳۷ کے متعلق میں ذاتی طور پہ کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ واقعی زمین سے اس کا انجن جیسا کہ مولانا صاحب نے فرمایا صرف ۱۸ انچ اونچا ہے۔

**Dr. Mahbub-ul-Haq:** Are these arguments concerned with the admissibility of the motion? I would certainly like the honourable Senator to travel on a        if he prefers that. It certainly has got nothing to do with 737 Boeing.

جناب چیئرمین : میرے خیال میں زہری صاحب، اس اسٹیج پر صرف ایڈمسیبلٹی کی بات ہو رہی ہے کہ یہ ایڈجرنمنٹ موشن ایڈمسبل ہے یا نہیں، یعنی اگر آپ اس پر روشنی ڈالیں۔

میر نبی بخش زہری : جی میں اسی پر آ رہا ہوں، آنریبل منسٹر کو بڑی تعجیل ہے میں تعریف کر رہا ہوں تو بھی اس کو بڑی تکلیف ہو رہی ہے ۔ ۔ ۔

جناب چیئرمین : ذرا اختصار کے ساتھ۔

میر نبی بخش زہری: میں ابھی تک تعریف کے خلاف آیا نہیں جو کہ ابھی آ رہا ہوں۔ اب عرض یہ ہے۔

جناب چیئرمین : ان کا عرض یہ ہے کہ جہاز زمین پر چلنے کے لئے نہیں بنا بلکہ اڑنے کے لئے بنا ہے۔

میر نبی بخش زہری : سر، زمین پر جو آتا ہے لینڈ کرتا ہے شاید انہوں نے سفر میں کھڑکیوں سے دیکھا نہیں۔ ہمیں سفر کرنے کا بہت موقع ملا ہے، انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہمارے ائیرپورٹس کے جو رن وے ہیں اس سے واقعی ۱۸ انچ اونچا ہونے کی وجہ سے ایک ہی جھٹکے سے جب جمپ لگے تو انجن یقیناً رن وے پر لگتا ہے اور اس سے نقصان بھی ہو سکتا ہے۔ میں نے خود دیکھا ہے اب اگر آپ چاہتے ہیں کہ جب دنیا بھر کے جہازوں کو انہوں نے quote کر دیا ہے۔ تو میں بھی اس کے حق میں ہوں کہ اس کو اجازت دیں تاکہ ہماری گفتگو سے ہماری تجویزوں سے یہ معاملات جناب صدر تک پہنچ جائیں جو فائل کے ذریعے پہنچتے ہیں۔ کیونکہ عوام کا روپیہ ان پر لگتا ہے اور کرایہ بھی ہم ہی دیتے ہیں تو آپ بتائیے صاحب، ہمیں حق ہونا چاہیے ہم عوام کے نمائندے ہیں۔ کہ ہم آپ کی زیر سرپرستی اجلاس میں اپنی رائے کا اظہار کریں۔ اس کے متعلق بہتر پوائنٹ جناب صدر تک جناب وزیر خزانہ تک، جناب مینیجنگ ڈائریکٹر تک

[Mir Nabi Bakkhsh Zehri]

اوران کے صدر تک پہنچ سکتے ہیں۔ یہاں کسی کی ذات کا سوال تو ہے نہیں جو مخالفت برائے مخالفت کرے بلکہ ہمیں موقع دو کہ جس کو معلومات ہیں وہ اپنی تجویز حمایت میں ہو یا خلاف ہو دے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے ملک کی اس انٹرنیشنل لائن کے متعلق صحیح معلومات جناب کی وساطت سے پبلک کو بھی پہنچیں اور جناب صدر، اور وزیر اعظم تک بھی اور جناب وزیر خزانہ اس کے حق میں ہیں۔ کہ جناب اس کی اجازت دیں۔

جناب چیئرمین : بالکل صحیح ہے لیکن سب کچھ قواعد کے مطابق ہوگا۔

**Dr. Mahbub-ul-Haq:** Sir, I have briefly suggested two things. One, that whenever we select any particular aircraft or railway engine or machine it is inevitable that there are lot of disgruntled competetors who then give a lot of information either in Press or through other interested parties to see that there is a propagation of the view that it is not the right thing to purchase. If we had not made this decision out of the ten makes and decided on any other one, exactly the same things would have been taken up by the competetors and I think, we have to be careful in this honourable House to see that we don't become party to that kind of propaganda.

Secondly, Sir, as earlier suggested, all these technical things that the honourable Senator, Maulana Kausar Niazi brought to our attention, and many more, were brought up in these delibrations in the last two years. Each one was tested on technical grounds and it was only after those delibrations that the decision was taken. And that is why I felt that these are very hypothetical fears and they should not be made the basis for Adjournment Motion.

جناب چیئرمین : کیا آپ اس پہ اصرار کرتے ہیں؟

مولانا کوثر نیازی : بالکل جناب۔

**Mr. Chairman:** Then, I am afraid, I shall have to rule it out of order on technical grounds. It is not a matter of recent occurrence. The Planes were only purchased sometime in May 1985, and since then this Senate has met three times already and this question was not raised. It is not a matter of immediate occurrence. No. 2, it does not relate to the fears expressed which are also hypothetical. It is ruled out of order. Next, No. 14, Javed Jabbar Sahib, regarding fatal road accident.

## ADJ. MOTION: *RE:* FATAL ACCIDENTS ON HIGHWAYS AND ROADS

**Mr. Javed Jabbar:** Thank you Mr. Chairman, I beg to move that the business of the House be adjourned to discuss a matter of recent occurrence and of urgent public importance, namely, the recurring and continuing failure of the Federal authorities incharge of highways safety to effectively enforce measures necessary to control the rapidly increasing number of fatal causalties in vehicular accidents on the country's highways and roads most recently symbolised by the death of 40 pepole in Malakand Agency in a bus accident as well as the fact that, at the other end of the country, in Karachi, Jinnah Hospital reports a tripling of mortality figures from accidents within the past 4 years period.

Sir, to raise an issue about highways safety and traffic accidents in the Senate might at first appear to be trying to infringe upon the limits of provincial jurisdiction and trying to focuss attention merely for the sake of publicity. But I wish to submit, Sir, because most of us here in the Senate if not all of us belong to a very privileged class of society which is able to afford its own means of transport, none of us and I mean, Sir, none of the Members of the Senate are exposed to the inconvenience, suffering and the constant daily dangers which millions of citizens of this country face every single day on the roads and highways of Pakistan. Perhaps Sir, a very cruel but effective way to bring home to the Senate the graphic tragedy of this would be to try and arbitrarily stage before the gates of the Senate building and reproduce all those brutal and violent accidents that occur every single day across our country.

I also submit, Sir, that if an attempt is made to rule this out on the basis of provincial jurisdiction, I would like to point out that item No. 34 in the Federal Legislative list Part I, does mention National Highways and strategic roads as a Federal responsibility. Sir, too often the subject is simply consigned to the dustbin of neglect because every second week there is such a major mishap, people flinch at the news and then action is postponed or confined. The Federal Government has proved itself absolutely incapable, not just this Government, Sir, but all past Governments, in tackling what I believe is a classic example of corruption on four wheels. Therefore, Sir, I submit this Adjournment Motion.

**Mr. Chairman:** May I invite your attention before you resume your seat to Rule 71 (d) also which you yourself quoted yesterday in another context.

**Mr. Javed Jabbar**: Yes Sir.

**Mr. Chairman:** Would you kindly comment on that?

**Mr. Javed Jabbar:** I will, Sir, Rule 71 (d): "It shall not revive discussion on a matter which has been discussed in the same session or in the Assembly within the last six months." Is that the one which....(Interruption).

**Mr. Chairman:** You are referring twice.

**Mr. Javed Jabbar:** Yes Sir, I would like to be ...... on that.

**Mr. Chairman:** This very Motion was moved in the Assembly by more than two Members. Then it was discussed and finally either it was withdrawn or it was confined to the dustbin as usual. Actually I am afraid........(Interruption).

**Mr. Javed Jabbar:** Sir, from the very beginning......(Interruption).

**Mr. Chairman:** I want to cut it short, I said if the Government is prepared. I would request that this is an important subject. There is no doubt about this and let this House be given an opportunity to discuss it thoroughly. But this depends actually if the Government is able to make up its mind and somebody tells us whether they would be kind enough to bring a resolution for discussion of this particular subject. It is a fact that things are now coming to such a pass that it has become more dangerous. Maulana Kausar Niazi has been complaining about the use of 73 (7). I think these rules are more hazardous than anything that we have in this country. So, probably this is a subject which deserves a through debate in the House. But it can only be done if the Government would cooperate in this regard. It can not be the subject of an Adjournment Motion, I am afraid.

<u>پروفیسر خورشید احمد</u>: میں یہ بڑی دردمندی سے آپ سے اپیل کروں گا کہ اس مسئلے کو ہم ٹیکنیکل گراؤنڈ پر نہ دیکھیں بلکہ کوئی راستہ نکالیں تو بہتر ہوگا ایک بات اور بھی پرسوں کے اخبار کے اندر جو سندھ کے بارے میں اعداد و شمار آئے ہیں وہ یہ ہیں کہ

372 fatal and 823 non-fatal road accidents in Sind during first four months of 1985 of which 177 fatal and 513 non-fatal took place only in Karachi.

یہ حالت ہے اس وقت ہماری ۔

**جناب چیئرمین :** میری التجا یہی ہے ، اگر حکومت اس میں تعاون کرے میرا خیال ہے ہاؤس میں debates سے کچھ اچھے نتائج برآمد ہو سکتے ہیں ۔

**Qazi Abdul Majid Abid** (Minister for Food, Agriculture and Co-operatives): On behalf of the Minister Communications, it is really a matter of concern and the Government is in full sympathy, in full agreement with the sentiments expressed by the honourable Member in the Senate and some steps have already been taken but by and large the subject is that of a Provincial nature and Provincial Government subject. But I am not trying to take shelter under that. The point is that the Federal Government on its part, whatever it is, is doing its best. I shall place before the House with your kind permission Sir, that the Federal Government on its part dealt with these Inter Provincial Coordination and co-operation issues.

**Mr. Chairman:** Will it not be better Mr. Qazi, if we discuss it on a separate day when it is convenient to everybody. Today there is not more time.

**Qazi Abdul Majid Abid:** It is a very important matter.

**Mr. Chairman:** It is a very important matter and that is why, I am requesting the Government that they may kindly bring a resolution on the subject and make it a subject of discussion in this House. We can allot it an hour or two hours whatever you think proper but without making it a subject of an Adjournment Motion.

**جناب اقبال احمد خان :** جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ قومی اسمبلی اور سینیٹ کے working days کی تعداد بڑھ چکی ہے اس وقت ہم important legislation میں مصروف ہیں جو اس ایوان کے سامنے بھی ہے اور نیشنل اسمبلی کے سامنے بھی ہم اس قسم کی پلاننگ کر رہے ہیں کہ جب ہم اس لیجسلیشن بزنس سے فارغ ہو جائیں تو اس ہاؤس کو موقع دیں بہر طور ہمیں وہ working days بھی پورے کرنے ہیں ۔ یہ جو issue جس کو آپ نے بڑا ضروری یعنی important فرمایا ہے ۔ اس قسم کے بہت سے مسائل جو Functioning of the Government سے متعلق ہیں ۔ باری باری ہم اس ایوان میں بھی اور نیشنل اسمبلی میں بھی پیش کرتے

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

رہیں گے اس لئے میری استدعا ہو گی کہ اس موشن پر آپ فیصلہ فرماویں اور قاضی صاحب اگر کوئی statement دینا چاہتے ہیں تو وہ سن لیا جائے اور بعد میں ہمیں موقع دیا جائے ہم systematically اس ایوان کی رائے یقیناً گورنمنٹ کے ہر فنکشن میں لینا چاہیں گے اس کے لئے ہم علیحدہ ایک پروگرام بنا کر آپ کی خدمت میں پیش کریں گے تاکہ اس کے مطابق یہ ایوان اور ہمارا دوسرا ایوان ہمیں اپنی قیمتی آراء سے مستفید کر سکے۔

جناب چیئرمین : جہاں تک اس تحریک کا تعلق ہے ، میرے خیال میں جبار صاحب خود بھی consider کرتے ہیں ۔ کہ اگر یہ اسمبلی میں ڈسکس ہوا ہے تو دوبارہ یہاں پر ایڈجرنمنٹ موشن کا سبجیکٹ نہیں بنتا وہاں پر ڈسکس ہوا ہے حاجی محمد یونس الٰہی ایم این اے اور ایک دوسرے صاحب نے یہ پوائنٹ اٹھایا تھا وہ ڈسکس ہو چکا ہے میں یہ نہیں جانتا کہ نارمل قانون سازی کا جو کام ہے اس میں مداخلت کروں لیکن کوئی وقت ایسا نکالیں تاکہ جو بہت ہی ضروری ہوں ان کو اس ہاؤس میں لے آئیں ۔ کیونکہ ممکن ہے کہ کوئی مفید تجاویز سامنے آجائیں ۔ جناب خورشید صاحب ۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین ! میں ایک مسئلے کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں فوری فیصلے کی ضرورت نہیں ہے آپ بھی غور فرمائیں یہ بڑا نازک معاملہ ہے جس کا سہارا ہم بار بار لیتے رہے ہیں کہ

"It shall revive discussion on a matter which has been discussed in the same session or in the Assembly within the last six months."

میں یہ جاننا چاہوں گا کہ ڈسکشن کے معنی یہاں کیا ہیں ۔ آیا محض ایک تحریک التواء لانا اور ڈسکشن سے پہلے اس کا رولڈ آؤٹ ہو جانا ، کیا ہم اس کو ڈسکشن اس قاعدے کے تحت شمار کر سکتے ہیں ۔ میری ناقص رائے میں ایسا ممکن نہیں ہے اس پر غور کرنے کی ضرورت ہے کہ ڈسکشن کے یہاں معنی کیا ہیں ۔

جناب چیئرمین : میں آپ کو interrupt نہیں کرنا چاہتا لیکن پچھلی روایات یہی رہی ہیں میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا جناب سرتاج عزیز صاحب کی جو کمیٹی ہے وہ اس پر بھی غور کرے کہ ڈسکشن کا مطلب کیا ہے ۔ رولز آجائیں گے تو اس پر فیصلہ ہو جائے گا ۔ تحریک التواء کا جو آدھ گھنٹہ ہے وہ ختم ہو گیا ہے ۔

**قاضی حسین احمد** : میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ تحریک التوا کے بارے میں جو رولز ہیں ان کے بارے میں ایسے ہی ہے جیسے کہ پل صراط کے بارے میں ہے کہ یہ بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز۔ تو یہ آپ کے رولز بھی اسی نوعیت کے ہیں۔ اور اس کی وجہ سے آج تک ایک بھی تحریک التوا منظور نہیں ہو سکی۔

**جناب چیئرمین** : قاضی صاحب یہ رولز میں نے نہیں بنائے۔ جہاں تک پل صراط کے بارے میں آپ نے کہا یہی چیز ہمارے ایک قبائلی کے سامنے پیش کی گئی کہ یہ بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے تو اس نے جواب دیا کہ صاحب پھر دراصل یہ کوئی راستہ ہے ہی نہیں۔ خواہ مخواہ ہمیں پریشان کرتے۔ تو سرے سے یہ راستہ ہے ہی نہیں ہے اگر اسی طرح ہے۔ میں تو رولز کا پابند ہوں۔ میں تو کئی دفعہ درخواست کر چکا ہوں کہ رولز کو بدل لو تحاریک التوا کا آدھ گھنٹہ مکمل ہو گیا ہے اب ہم قانون سازی کا کام لیتے ہیں۔

**جناب اقبال احمد خان** : قانون سازی کے کام سے پہلے میں ہاؤس کی اطلاع کے لئے ایک عرض کرنا چاہتا ہوں لیڈر آف دی ہاؤس کے سلسلے میں۔ اگر جناب کی اجازت ہو۔

**جناب چیئرمین** : جی۔ جی فرمائیے۔

**Mr. Iqbal Ahmad Khan:** Sir, in pursuance of 2, sub-rule (1) of the Rules of Procedure and Conduct of the Business in the Senate, 1973, I have the honour to inform this honourable House that the Prime Minister has been pleased to appoint Mr. Fida Mohammad Khan, Santor, to represent the Government to regulate Government business in the Senate in his absence during the current session.

**جناب چیئرمین** : نوٹ کر لیا گیا۔ وہ کہاں ہیں وہ ذرا آگے آ کر بیٹھ جائیں تاکہ ہم بھی انہیں دیکھ لیں۔

**جناب محمد طارق چوہدری** : جناب چیئرمین ! آپ کی توجہ کے لئے عرض کروں گا کہ آپ نے ایک دفعہ یہاں رولنگ دی تھی کہ پریس گیلری کے سوا کوئی انٹیلی جنس وغیرہ کے لوگ یہاں گیلری میں بیٹھ کر نوٹس نہیں لے سکتے۔ لیکن اب بھی، شائد وزیر داخلہ یہاں موجود ہوں گے، میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ جو انٹیلی جنس والے

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhry]

یہاں بیٹھ کر نوٹس لے رہے ہیں۔ یہ کون سی ایجنسی اور کون سی حکومت سے تعلق رکھتے ہیں۔

جناب چیئرمین: اگر کوئی ہے تو میری یہی رولنگ اب بھی یہاں پر اپلائی کرتی ہے کہ یہاں پر وہ نوٹس نہیں لے سکتے۔ اگر وہ وزیٹر گیلری میں بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری: جی بیٹھے ہوئے ہیں اور وہ سامنے بیٹھے ہوئے ہیں یہ وزیر داخلہ صاحب سے پوچھ لیں کہ ان کا تعلق کون سی حکومت سے ہے۔ یہ دس میں سے کون سی حکومت کے ہیں۔ یہ نیوز پیپر کے بھی نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین: تو میرے خیال میں حکومت کی طرف سے کوئی اسے نوٹ کرے

I think, the Leader of the House who can draw the attention of the Intelligence Agency that whatever has been prohibited previously...... (Interruption).....

Janab Iqbal Ahmad Khan Sahib.

THE CONSTITUTION (EIGHTH AMENDMENT) BILL, 1985

**Mr. Iqbal Ahmad Khan:** Sir, I moved the motion on 23rd October. That the Bill further to amend Constitution of the Islamic Republic of Pakistan be taken into consideration on 28th, and the House permitted to do so. So, today I move;

"That the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973, to be called the Constitution (Eighth Amendment) Bill, 1985, as passed by the National Assembly be taken into consideration."

**Mr. Chairman:** The motion moved is;

"That the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973, to be called the Constitution (Eighth Amendment) Bill, 1985, as passed by the National Assembly be taken into consideration."

Is it opposed?

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** No.

**Mr. Chairman:** Right.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** On a point of order, Sir, actually when the Orders of the Day is circulated.........(Interruption).

**Mr. Chairman:** I think, the amendment should come later after its first circulation........(interruption).

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** But that has to be circulated, Sir.

**Mr. Chairman:** Amendment to this motion?

**Prof. Khurshid Ahmed** : There is an amendment to this motion that it should not be considered and it should go to the Standing Committee.

**Mr. Chairman:** Somebody should move the amendment in that case?

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Sir, whatever I am submitting is that the lists of amendments have always been given alongwith the Orders of the Day, so that the Members of the Senate know what amendments there are and by whom and in what order these are moved. Here, it says amendments in separate list to be moved, but there is no such list.

**Mr. Chairman:** List is there. It is being circulated. First amendment is in the name of Maulana Kausar Niazi Sahib.

**Maulana Kausar Niazi:** Sir, I move that under Rule 106—of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, the Bill may be referred to the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs and the Committee now be requested to submit its report to the House in one week.

**Mr. Chairman:** The motion moved is;

"That the Constitution (Eighth Amendment) Bill, 1985, as passed by the National Assembly, be referred to the Standing Committee concerned for report in a week's time."

**Mr. Iqbal Ahmad Khan:** Sir, I beg to oppose this amendment.

**Mr. Chairman:** Yes.

**Prof. Khurshid Ahmed**: There are similar amendments—whether these would be taken separately or collectively.

**Mr. Chairman:** All those are also to refer the Bill to the Standing Committee except the period is different.

**Prof. Khurshid Ahmed:** Those may be taken alongwith that. Sir.

**Mr. Chairman:** Then you also please move it.

**Prof. Khurshid Ahmed:** With the permission of the Chairman,

I beg to move;

"That the Constitution (Eighth Amendment) Bill, 1985 may kindly be referred to the Standing Committee under Rule 106 of the Rules of Procedure and Conduct of Business of the Senate and the report of this Standing Committee should be presented to the House within 10 days."

**Mr. Chairman:** The amendment moved is;......

"That the Constitution (Eighth Amendment) Bill, 1985 may kindly be referred to the Standing Committee under Rule 106 of the Rules of Procedure and Conduct of Business of the Senate and the report of this Standing Committee should be presented to the House within 10 days."

**Mr. Iqbal Ahmad Khan:** Sir, I beg to oppose this amendment.

**Mr. Chairman:** You are opposing this also.......(interruption).

There are fifteen amendments actually and this has been moved on behalf of all the fifteen. The amendments are all to the same effect and are in the names of Nawabzada Jehangir Shah Jogezai, Mr. Abdur Rahim Mirdad Khel, Mr. Muhammad Tariq Chaudhary, Maj. Genl (Retd) Sherin Dil Khan Niazi, Qazi Hussain Ahmad, Qazi Abdul Latif, Mr. Ahmed Mian Soomro, Mr. Javed Jabbar, Maulana Kausar Niazi, Prof. Khurshid Ahmed Maulana Samiul Haq, Syed Muhammad Fazal Agha, all are to the effect that the Bill should be referred to the Standing Committee.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Sir, we move that the Constitution (Eighth amendment) Bill, 1985, as passed by the National Assembly, be referred to the Standing Committee concerned to report back within one week.

**Mr. Iqbal Ahmad Khan:** I beg to oppose this amendment Sir.

یں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں میں نے movers کے ساتھ ان ترامیم کے متعلق کچھ گذارشات کی تھیں اور آپس میں یہ فیصلہ کیا کہ ان پر کنسیڈریشن دو دن کیلئے ملتوی فرمایا جائے اور بل پر جو ڈسکشن ہے وہ شروع کر دی جائے یہ انہوں نے میرے ساتھ اتفاق فرمایا تھا ان سے دریافت فرما لیا جائے اگر وہ اس بات پر اتفاق فرماتے ہیں تو پھر ڈسکشن شروع کر دی جائے اگر کوئی دوسرا فیصلہ ہو تو پھر اس کے بارے میں میں عرض کروں گا

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Sir, I agree to that.

**پروفیسر خورشید احمد :** ہمیں اس سے اتفاق ہے ۔

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Sir, it is enough for consideration.

**پروفیسر خورشید احمد :** یہ واضح ہو جائے کہ فارملی ہم نے move کر دیا ہے انہوں اپوز کر لیا ہے لیکن ہم یہ concede کرتے ہیں کہ دو دن تین دن جب تک کہ بات چیت کی ضرورت ہے جنرل ڈسکشن شروع ہو جائے لیکن اگر ہم نے یہ محسوس کیا کہ ہم اس پر argue کریں گے تو پھر وہ ہمارا رائٹ ریزرو ہے ۔

**Mr. Chairman:** So I think we start with the consideration of the Bill.

**Mr. M. Zahoor-ul-Haq:** It has been said that it should be referred to the Select Committee?

**Mr. Chairman:** No, Standing Committee. It is under Rule 106. I think, the Secretariat is suggesting that those of you gentlemen who would like to speak, they can give their name without leaving their seats. I think, somebody can write down or somebody could go round, but I think that can be done later on. Mr. Iqbal Ahmed Khan.

**جناب اقبال احمد خان :** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب چیئرمین میں اس بل پر اس معزز ایوان کا زیادہ وقت نہیں لوں گا ۔ گذشتہ کئی ہفتوں سے نیشنل اسمبلی کی debate کے دوران سارے ملک کے اندر اس بل پر بحث و تمحیص ہو رہی ہے ۔ اس بل کے جو salient features ہیں وہ اس معزز ایوان کے اراکین کے بھی علم میں ہیں اور نیشنل اسمبلی میں بھی ان پر مفصل کر اس پر بحث ہوئی اس لحاظ سے ساری قوم کے بھی علم میں ہیں ۔ اس

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

لئے میں اس مرحلے پر یہ نہیں چاہوں گا کہ بل کی تمام کلازز کے متعلق اس معزز ایوان کی خدمت میں کچھ گذارشات کروں ویسے بھی اس ایوان کے اندر بہت تجربہ کار سیاسی رہنما پارلیمنٹیرین اور قانون دان موجود ہیں اس لئے میں یہ فریضہ اپنے ذمہ نہیں لینا چاہتا کہ یہ کہا جائے کہ میں شاید ان کو کوئی نئی چیز بیان کر رہا ہوں میں صرف یہ عرض کروں گا کہ جب یہ بل قومی اسمبلی میں پیش کیا گیا تو بہت سے اراکین نے اس بات پر اشتیاق کا اظہار کیا اور وزیر اعظم صاحب کی بھی یہ خواہش تھی کہ بل کو کنسینسس کے ذریعے سے اڈاپٹ ہونا چاہیئے اس سلسلے میں ایوان کے مختلف ممبران کی ایوان سے باہر کمیٹیاں بھی بنیں اور انفرادی طور پر بھی جناب وزیر اعظم نے اور دوسرے اراکین نے ایک دوسرے سے مشورہ کیا اور ان کے مشورے کے ساتھ اور کیبنٹ بل کی ٹیکسٹ میں کچھ ترامیم تجویز کی گئیں۔ جن کو سارے ہاؤس نے قبول کیا۔ اور ان کی قبولیت کے بعد یہ بل نیشنل اسمبلی سے منظور ہوا اس بل میں جناب والا! زیادہ تر یہی صورت حال تھی کہ پریذیڈنٹ صاحب اور پرائم منسٹر کے اختیارات میں توازن ہونا چاہیئے۔ کیونکہ جہاں تک ۱۹۷۳ کے آئین کا تعلق ہے وہاں اس میں پریذیڈنٹ کے اختیارات سرے سے کوئی تھے ہی نہیں اور اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اس وقت کے آرٹیکل ۴۸ (۳) میں یہ دیا گیا تھا کہ پریذیڈنٹ کا کوئی حکم کوئی فیصلہ اس وقت تک valid ہو ہی نہیں سکتا جب تک کہ وزیر اعظم کے اس پر دستخط نہ ہوں جب صدر مملکت کے تمام اختیارات کو ان سے تمام فیصلوں کو وزیر اعظم کے دستخطوں کے تابع کر دیا جائے تو پھر اس آئین کے اندر صدر مملکت کے اپنے اختیارات on descretion رکھنا اک اسکیم میں fit in نہیں ہوتا تھا۔

جناب والا! جب ۱۹۷۳ کا یہ آئین نافذ ہوا اس کے نفاذ کے بعد ملک کی سیاسی صورت حال سے تمام معزز سینیٹرز حضرات بخوبی آگاہ ہیں اور پھر ۱۹۷۷ کے واقعات خاص طور پر میں آپکی خدمت میں عرض کروں گا کہ ایک مرحلہ آیا جہاں ملک کی صورت حال خراب اور انتظامی مشینری مکمل طور پر معطل ہو گئی اور ایک طرف صورت حال یہ تھی کہ اسمبلی موجود تھی وزیر اعظم موجود تھے لیکن باہر عوام سڑکوں پر نکلے ہوئے تھے گولیاں چل رہی تھیں سڑکیں رنگین ہو رہی تھیں اور اس وقت کا آئین اس کا کوئی

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

حل تجویز نہ کر سکا اگر صدر مملکت کو کچھ تھوڑے سے اختیارات ہوتے تو ممکن ہے یہ ملک مارشل لاء کی زد سے بچ جاتا اس بناء پر یہ خیال کیا گیا اور یہ مطالبات سیاسی سطح پر شدت سے ہوتے رہے کہ صدر اور وزیر اعظم کے مابین اختیارات میں توازن ہونا چاہیے اس بناء پر یہ تصور کیا گیا اور میں یہ بھی گذارش کروں گا کہ جب ۱۹۵۸ کے مارشل لاء نے ۱۹۵۶ء کے آئین کو منسوخ کر دیا اس وقت سے لیکر ۱۹۷۳ء کے آئین کی تدوین تک سیاسی حلقوں کی طرف بڑی شد ومد کے ساتھ یہ مطالبہ ہوتا رہا کہ ۱۹۵۶ کے آئین کو بحال کر دیا جائے۔ لیکن جب ۱۹۷۳ء کا آئین جو کنسینسس سے بنا تھا۔ اس پر عملدرآمد شروع ہوا تو محسوس کیا گیا کہ وزیر اعظم کو لامحدود اختیارات حاصل ہیں اور صدر مملکت محض ایک ربڑ سٹمپ سے بھی کم حیثیت رکھتے ہیں۔ تو پھر سیاسی حلقوں کی طرف سے دو تین چار سال جب تک یہ آئین نافذ رہا ہم یہ مطالبہ ہوتا رہا کہ دونوں عہدوں کے مابین ۱۹۵۶ کے آئین کے مطابق اختیارات کا توازن قائم کرنا چاہیے جناب والا! جب ۱۹۷۷ء کے واقعات کے بعد اس ملک کے اندر مارشل لاء کا نفاذ ہوا تو اس کے بعد بھی سیاسی حلقوں کی طرف سے یہ مطالبہ بدستور جاری رہا۔ یہ جو آر سی او جناب صدر مملکت نے جاری کیا جس کے ذریعہ سے اس آئین کے اندر ترامیم کی گئیں وہ by and large ۱۹۵۶ کے آئین کے مطابق ہیں۔

جناب والا! یہ بھی میں یہاں عرض کر دوں کہ یہ کئی حلقوں کی طرف سے کہا جا رہا ہے کہ صدر صاحب نے بغیر کسی اطلاع کے اور بغیر کسی اختیار کے ان ترامیم کو کیا ہے۔ میں زیادہ قانونی موشگافیوں میں تو نہیں جانا چاہتا لیکن ایک گذارش آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں کہ صدر مملکت نے ۱۲ اگست ۱۹۸۳ء کو ایک باضابطہ اعلان فرمایا تھا کہ اس ملک کے اندر مارشل لاء ختم کر کے جمہوریت بحال کی جائے گی۔ اس اعلان کے اندر انہوں نے ایک ٹائم ٹیبل بھی دیا اور اس کے اندر واضح الفاظ میں ارشاد فرمایا کہ میں آئین کے اندر کچھ ترامیم کروں گا اور جو آر سی او کے اندر ترامیم دی گئی ہیں ان کا ان کے بیان کے اندر واضح طور پر اظہار موجود ہے کہ کس طریقے سے اور کون سی ترامیم کی جائیں گی چنانچہ اس اعلان کے بعد ریفرنڈم ہوا ریفرنڈم آرڈر کے اندر بھی اس بات کا حوالہ دیا گیا کہ ۱۲ اگست کے اعلان کے مطابق آئین میں ترامیم کی جائیں گی اور صوبائی اور مرکزی اسمبلیوں کے انتخابات اور

سینٹ کے انتخابات کے بعد ایک مقررہ تاریخ پر اقتدار منتخب نمائندوں کے حوالے کر دیا جائے گا۔ تو یہ میرا گذارش کرنے کا مقصد ہے کہ صدر مملکت نے جن ترامیم کو کہ نا مناسب سمجھا اس کا اعلان پہلے سے قوم کی خدمت میں پیش کر دیا اور پھر جب انتخابات ہوئے اور اس سے پہلے جب ریفرنڈم ہوا۔ تو اس بات کا عوام کو قومی سطح پر علم تھا کہ ان ترامیم میں ترامیم سے یہ مرحلے آئین کے چنانچہ جب یہ ترامیم دستور میں کر دی گئیں

اس کے بعد نیشنل اسمبلی اور سینٹ میں بھی اس بات کا اظہار مختلف مواقع پر ہوتا رہا کہ اگرچہ یہ ترامیم ۱۹۵۶ کے آئین کے مطابق ہی کیوں نہ ہوں لیکن پھر بھی ۳۰ سال کا عرصہ گذرنے کے بعد اور جن تجربات سے ملک گذرا ہے، ان کو سامنے رکھ کر، ہمیں ان کا جائزہ بھی لینا چاہیئے، خواہ ان کا مطالبہ کبھی ہوتا بھی رہا ہو۔ چنانچہ جناب والا! اس بل کے تحت اس کا جائزہ لیا گیا اور یہ ترمیمی بل جو اس وقت اس معزز ایوان کے سامنے ہے اس میں مزید جو اختیارات ۱۹۵۶ کے آئین کے تحت بھی حاصل تھے، ان میں بھی کمی کر د کا گئی ہے۔ اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک اچھا اقدام ہے اور ملک صحیح طور پر جمہوریت کی طرف گامزن ہے اور اس ملک کے اندر، ان ترامیم کے بعد، صحیح طور پر ایک پارلیمانی جمہوری نظام قائم ہو سکے گا۔

جناب والا! دوسری صورت حال جس کا اکثر و بیشتر تذکرہ کیا جاتا ہے وہ ہے صوبائی خودمختاری کا مسئلہ۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کروں گا کہ اس آئین کے وہ تمام کے تمام چیپٹرز یا آرٹیکلز میں جن کے تحت صوبوں اور مرکز میں اختیارات کی تقسیم کی گئی ہے نہ تو آر سی او کے ذریعے سے کوئی ترمیم کی گئی ہے اور نہ ہی بل کے ذریعے سے کوئی ترمیم کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں میں یہ کہتا ہوں کہ ہمیں اس بات کا علم ہونا چاہیئے کہ صوبائی خودمختاری کہاں متاثر ہوئی ہے جس کا زیادہ ذکر کیا جاتا ہے۔ جناب والا! دو چیزوں کا اظہار کیا گیا ایک یہ کہ گورنرز کی اپائنٹمنٹ کے جو اختیارات ہیں وہ صدر مملکت کی ڈسکریشن کے تحت ہیں۔ اور اسی طرح وزیر اعلیٰ کا جو تقرر ہے وہ گورنرز کی ڈسکریشن کے تحت ہے اگرچہ اس ڈسکریشن پر صدر مملکت کی پیشگی منظوری کے بعد ہی عمل کر سکتے ہیں۔

جناب والا! اس ابہام کو، دور کرنے کے لیئے، یا شک وشبہ کو ختم کرنے کے لیئے متعلقہ آرٹیکل ۹۰ یا ۹۱ .... (مداخلت)

**پروفیسر خورشید احمد**: یہ آرٹیکل ۱۰۱ اے ہے۔

**جناب اقبال احمد خان**: بہت شکریہ آرٹیکل ۱۰۱ اے میں یہ ترمیم کر دی گئی ہے کہ گورنر کی تعیناتی وزیر اعظم کے مشورے کے بعد ہو گی اس کے علاوہ جہاں تک چیف منسٹرز کی اپوائنٹمنٹ کا مسئلہ ہے یہ مسئلہ بھی زیر غور ہے۔ یہ مسئلہ بھی صوبائی خود مختاری میں آتا ہے۔ جناب والا! آپ بخوبی آگاہ ہیں کہ اس وقت ملک میں جو انتخابات ہوئے ہیں وہ غیر جماعتی بنیادوں پر منعقد ہوئے ہیں۔ ۱۹۷۳ کے آئین کی provisions کے تحت الیکشن کا تصور دیا گیا ہے کہ وزیر اعظم کا اور چیف منسٹرز کا الیکشن کیا جائے گا لیکن عام پارلیمانی نظام جہاں جہاں بھی نافذ ہے وہاں الیکشن کا تصور نہیں ہے وہاں majority کے لیڈر کو ہی دعوت دی جاتی ہے کہ وہ گورنمنٹ فارم کرے۔

اب جناب والا! یہ غیر جماعتی بنیادوں پر تمام ملک کے انتخابات ہوئے، اسلیئے یہ جاننا تھوڑا مشکل تھا کہ پہلے سے پتہ چل سکے کہ کونسی سی پارٹی زیادہ ممبروں کے ساتھ منتخب ہو کر آئے گی۔ اسلیئے جناب والا! ان مخصوص حالات میں یہ پروویژن رکھی گئی کہ صدر صاحب کسی ایک ممبر کو اپوائنٹ کریں گے جو ان کی رائے میں ایوان کی اکثریت کا اعتماد رکھتا ہو گا اور اس کے ساتھ انہوں نے پھر یہ قدغن بھی لگا دی کہ اسے ۶۰ دن کے اندر اعتماد کا ووٹ حاصل کرنا ہو گا۔ یہ شرط وزیر اعظم کیلئے اور وزیر اعلیٰ کے لئے بھی رکھی گئی۔ جناب والا! میں یہ عرض کروں گا کہ جن ممالک کے دساتیر میں یہ پروویژن ہے کہ صدر اپوائنٹ کریں گے وہاں یہ شرط نہیں رکھی گئی کہ وہ معینہ مدت کے اندر vote of confidence بھی لیں گے لیکن یہاں یہ شرط تخصیص کے ساتھ رکھ دی گئی۔ لیکن یہ سب کچھ مخصوص حالات میں کیا گیا۔ اب ہمیں توقع ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ یہ جو اسمبلیاں معرض وجود میں آئی ہیں۔ یہ اسمبلیاں اپنی جدوجہد کے ذریعے سے آئینی مشکلات کو حل کرنے کی کوشش میں مصروف ہیں۔ خدا کے فضل سے بہت جلد ہی دونوں ایوانوں کے اندر سیاسی جماعتوں کے بارے میں ترمیمی بل بھی پیش کر دیئے جائیں گے اس کے

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

بعد یہ توقع بجا طور پر کی جا سکتی ہے ۱۹۹۰ کے بعد اپنی مدت مکمل کرنے کے بعد، جب دوبارہ الیکشن ہوں گے تو یہ سیاسی جماعتوں کی بنیاد پر ہوں گے۔ اور اس وقت یہ اندازہ لگانا ممکن ہوگا کہ ہاؤس کے اندر، انتخابات کے بعد کونسی جماعت اور اس کا کونسا لیڈر منتخب ہو کر آیا ہے، جسے اسمبلی کے اندر اکثریت حاصل ہے۔ اس صورتحال کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ دو ترامیم کی گئیں کہ آئندہ ۱۹۹۰ کے انتخابات کے بعد جب وزیر اعظم کے تقرر کا مسئلہ پیدا ہوگا تو صدر مملکت اس ممبر کو invite کریں گے جسے ایوان کے زیادہ ممبروں کا اعتماد حاصل ہوگا، دوسرے الفاظ میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ جو اکثریتی پارٹی کا لیڈر ہوگا اس کو حکومت بنانے کی دعوت دی جائے گی۔

جہاں تک صوبوں کا تعلق ہے، عام طور پر جناب والا! آپ اس بات سے بھی آگاہ ہیں کہ آئین کی ایک خاص ترتیب ہوتی ہے کہ جو اختیارات جس طریقے سے مرکز میں تقسیم کئے جاتے ہیں۔ اسی طریقے سے وہ اختیارات صوبوں میں بھی تقسیم کئے جاتے ہیں۔ اس لئے اولین تجویز یہی تھی کہ صوبوں میں بھی یہ '۱۹۹۰' کا provision رکھ دیا جائے کہ وہاں بھی چیف منسٹر کی اپوائنٹمنٹ اسی طریقے سے ہوگی جس سے مرکز میں کی جائے گی۔ لیکن ہمارے نیشنل اسمبلی کے اراکین نے اس بات کا فیصلہ کیا کہ ان کو ۱۹۹۰ تک کی مہلت نہیں دینی چاہیے چنانچہ ان کی تجویز کے مطابق اب صوبوں کی حد تک یہ تجویز رکھی گئی ہے کہ ۱۹۸۸ء تک یہ موجودہ جو طریق کار برقرار رہے گا اور مارچ ۱۹۸۸ کے بعد اگر چیف منسٹر کا آفس خالی ہوتا ہے تو پھر اس کی تعیناتی اسی طریقے سے ہوگی یعنی جو ممبر ایوان کی اکثریت کا پہلے سے حامل ہوگا بعد میں صدر مملکت اس کو وزارت بنانے کیلئے دعوت دیں گے میں سمجھتا ہوں کہ ان ترامیم کے بعد، جو شکوک شبہات پائے جاتے تھے مثلاً صدر مملکت اور وزیر اعظم کے درمیان اختیارات کا توازن" وزیر اعظم کی تقرری کا مسئلہ "اور صوبوں کا مسئلہ"، یہ سب دور ہو گئے ہیں۔ یہ مسئلے حل ہو گئے ہیں۔

جناب والا! کچھ دوستوں کو اس مسئلے پر اختلاف ہے اور ہمارے نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ اختلاف امت کے لئے باعث رحمت ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمیں اس اختلاف کو دور کرنا ہے، اسے دیکھنا ہے اس پر

سوچنا بھی ہے اس کے بعد، اپنے مسائل کو باہمی افہام و تفہیم کے بعد حل بھی کرنا ہے جناب والا! کوئی قانون بھی حرف آخر نہیں ہوتا قوموں کی زندگی میں آئین بنتے رہتے ہیں۔ ان میں پھر حالات کے مطابق ترامیم بھی ہوتی رہتی ہیں۔ اس طرح مختلف قانون بنتے ہیں اور ان میں ترامیم بھی ہوتی رہتی ہیں۔ اسلئے ہم آٹھواں ترمیم بل پاس ہونے کے بعد یہ نہیں کہہ سکتے کہ جناب اب یہ حرف آخر ہو گیا ہے جیسا کہ یہ آئین ۱۹۷۳ء میں مدون ہوا تھا اور مارشل لا لگنے سے پہلے سات ترامیم اسی آئین میں کی گئیں۔ اسلئے آئندہ بھی جب تک یہ آئین موجود رہے گا، اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمیشہ موجود رہے گا، اس میں ہماری آنے والی نسلیں ضرورت کے مطابق ترامیم کرتی رہیں گی چنانچہ اگر ان ترامیم کے بعد بھی یہ تصور کیا جائے کہ آئین میں کچھ مزید ترامیم کی ضرورت ہے تو اس کا اس پارلیمنٹ کو مکمل اختیار حاصل ہے۔

جناب والا! سب سے بڑی خوبی اس ترمیمی بل کی جو میری رائے میں ہے، وہ یہ ہے کہ اس پارلیمنٹ کے معرض وجود میں آنے کے بعد کئی حلقوں کی طرف سے، خاص طور سے اس ہاؤس کے باہر سیاسی اکابرین کی طرف سے، جنہوں نے انتخابات کا بائیکاٹ کیا تھا یہ کئی دفعہ ارشاد ہوا کہ جناب یہ اسمبلی بے اختیار ہے لیکن اس آئینی ترمیمی بل نے کم از کم اس اسمبلی کی خودمختاری، اس پارلیمنٹ کی خودمختاری کو ثابت کر دیا ہے کہ یہ پارلیمنٹ مکمل طور پر خودمختار ہے اور جس قانون کو اور جس قاعدے کو آئین کی جس دفعہ کو تبدیل کرنا چاہے، اسے مکمل اختیار حاصل ہے۔ اس سے بڑا اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے اور اس سے بڑا اور کیا جواب ان معترضین کے لئے ہو سکتا ہے جو اس اسمبلی کے وجود کے متعلق اکثر و بیشتر کچھ نہ کچھ بیانات دیتے رہتے ہیں۔ بلکہ ان کا تو یہ بھی کہنا ہے کہ جناب ان اسمبلیوں کو ختم کر دیا جائے۔ مجھے افسوس ہے کہ بہت بڑے بڑے سیاسی اکابرین اس بات کا مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ منتخب اسمبلی کو تو ختم کر دیا جائے لیکن اقتدار ان کے حوالے کر دیا جائے جنہوں نے کبھی اپنی جماعت کے انتخابات بھی نہیں کروائے یہ ایک نئی قسم کی جمہوری منطق ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ نیشنل اسمبلی نے جس طریقے سے اس بل پر کام کیا اور ہماری سینیٹ جو اس وقت اس میں مصروف ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی کارکردگی مزید اسے قوم پر

[Mr. Iqbal Ahmad Khan]

واضح کرے گی کہ ان کے نمائندگان نے اپنا حق نمائندگی ادا کیا ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ یہ ملک بہت جلد مارشل لاء کے دور سے ہٹ کر ایک ایسے جمہوری دور کی طرف رواں دواں ہوگا۔ جس کے بعد اس ملک کے عوام کی امنگیں پوری ہوں گی ہمارے ملک کو درپیش گوناگوں مسائل ہیں۔ ہماری پسماندہ بستیاں ہیں، غریب لوگ ہیں ملک میں رشوت ستانی اور مہنگائی کا دور دورہ ہے، جب اس ملک سے مارشل لا ختم ہو کر ایک صحیح معنوں میں جمہوری حکومت یہاں قائم ہو گی اور یہ منتخب نمائندے اپنی آراء سے حکومت کی رہنمائی بھی کرتے رہیں گے اور ان کی غلط کاریوں کی نشاندہی بھی کرتے رہیں گے۔ تو اس احتساب کے ذریعے سے جو ان ایوانوں کے ذریعے سے حکومت کے بارے میں ہوگا۔ ایک صحیح جمہوری نظام قائم ہوگا اور صحیح طور پر اس ملک کے عوام کے مسائل حل ہونے کا وقت آئے گا۔

جناب والا! آپ اس بات سے بخوبی آگاہ ہیں کہ پاکستان کے قیام کا مقصد یہ بیان کیا گیا تھا کہ یہ ایک اسلامی مملکت ہوگی جس کا نظام قرآن و سنت کے مطابق ہوگا۔ حضرت قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے برصغیر کے دس کروڑ مسلمانوں کے سامنے اس بات کا عہد کیا تھا اور یہ بھی ارشاد فرمایا تھا کہ جناب پاکستان اسلام کی لیبارٹری ہوگا اس بات میں کوئی شک نہیں کہ قیام پاکستان کے بعد کافی عرصہ تک اس طرف توجہ نہیں دی گئی اور جناب والا! اسکی بھی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اگر ہم اپنی تاریخ کو دیکھیں تو ہماری سیاسی جماعتوں میں استحکام ہی پیدا نہیں ہوا ہم نے ہر مسئلے کو اپنی انا کا مسئلہ بنایا اور سیاست اور جمہوریت میں جو tolerance ہوتی ہے اس کا ہم نے کبھی ثبوت نہیں دیا ہم ہمیشہ اس چکر میں رہے کہ اگر ایک پارٹی برسراقتدار آئی ہے یا ایک حکومت بنی ہے تو اس کو کس طرح ہم نے اتارنا ہے اگر جناب والا! ملک میں مارشل لاء ہے تو ہم نے اس کو ملک سے ختم کرنے کے لئے احتجاج کئے اور مارشل لاء ختم ہوا تو پھر ہم نے جمہوری حکومتوں کو ختم کرنے کے لئے ایجیٹیشنیں کیں۔ آج تک تو ہمارے ملک کے اندر سیاسی اکھاڑ پچھاڑ اسی طریقے سے ہوتی رہی اور جب ملک کے اندر سیاسی استحکام ہی نہ ہو تو پھر اصل مسائل پر توجہ کیسے دی جا سکتی ہے۔

ہمیں توقع ہے کہ اب یہ جو اسمبلیاں منتخب ہو کر آئی ہیں یہ صحیح طور پر اس ملک کے اندر اس کے مسائل سے بھی آگاہ ہیں، اور ملک کے مستقبل کو بھی دیکھتی ہیں کہ کس طرح ہونا چاہئے اور جس طریقے سے اس ایوان کے اندر اور نیشنل اسمبلی کے اندر

اس بات کا اظہار کیا گیا کہ ملک میں مکمل طور پر نظام اسلام نافذ ہونا چاہیئے مجھے توقع ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ یہ پارلیمنٹ بہت ہی جلد اس ملک میں صحیح معنوں میں اسلامی نظام قائم کرنے میں کامیاب ہو جائے گی اور کیوں نہ کہا جائے اس لئے اسلام ہی سے تو ایک غریب کو عظمت ملتی ہے انصاف ملتا ہے اور اسی وجہ سے اس ملک کے کروڑوں عوام دن رات اس بات کا تقاضا کرتے ہیں کہ ملک کے اندر اسلامی نظام نافذ کیا جائے مجھے اس بات کا اعتراف ہے کہ آئین کے اندر جو اس وقت کچھ ترامیم کی گئی ہیں وہ کافی نہیں ہیں لیکن پھر بھی میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ جناب والا! ۴- جولائی ۱۹۷۷ء تک جو ۱۹۷۳ کا آئین ہم پر نافذ رہا اگر اس کو دیکھیں تو اس کے اندر کوئی واضح آئینی دفعہ موجود نہیں ہے۔ میں نے ابھی حال ہی میں ایک بزرگ کا بیان دیکھا جس میں انہوں نے ارشاد فرمایا کہ ترامیم کے بعد ۱۹۷۳ کا آئین جو اسلامی تھا وہ بھی ختم ہو گیا مجھے اس بات کا علم نہیں۔ یہاں بہت سے اکابرین معزز اراکین بیٹھے ہیں وہ یقیناً اس پر روشنی ڈالیں گے۔ لیکن میں ان سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جناب ۱۹۷۳ء کا آئین جو ۴ جولائی ۱۹۷۷ کو برقرار تھا اس کے اندر شریعت کورٹ کا کوئی تصور نہیں تھا ٹھیک ہے مجھے اعتراف ہے اس بات کا کہ چند معاملات میں شریعت کورٹ کے دائرہ کار کو محدود رکھا گیا ہے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد ہماری پارلیمنٹ بھی اس پر توجہ دیگی اور اس کے دائرہ کار کو بھی وسیع کریگی لیکن ۱۹۷۳ء کے آئین میں تو ایسی کوئی پروویژن نہیں تھی جسکے ذریعے سے کسی قانون کو کسی باضابطہ عدالت میں چیلنج کیا جاسکے اور اس سے اور بڑی اسلامی دفعہ کیا ہو سکتی ہے تو یہ جناب ایسی دستوری بات نہیں ہے لیکن حدود قوانین بھی یہاں نافذ کئے گئے میں ان کی بات نہیں کرنا چاہتا جو قوانین بنائے گئے لیکن آئین کے اندر حالیہ ترمیم سے آرٹیکل ۲۸ کا اضافہ کیا گیا کہ جناب جو قرارداد مقاصد ہے اس کو پاکستان کے آئین کا substantive حصہ بنا دیا گیا اور قرارداد مقاصد ہی وہ بنیادی document ہے جسے ۱۹۴۹ میں بزرگوں نے منظور کیا اور وہ ہمارے ملک کی بنیاد ٹھہرا کیونکہ اس کا پہلا فقرہ ہی یہی ہے کہ حاکمیت اللہ تعالیٰ کی ہے یہ نہیں کہا گیا کہ پاکستان کے اندر حاکمیت عوام کی ہے حاکمیت تو اللہ تعالیٰ کی تسلیم کر لی گئی ہے۔ (مداخلت)

**جناب چیئرمین:** جناب آپ اور کتنا وقت لیں گے۔

**جناب اقبال احمد خان:** جناب میں زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا۔ میں نے اس لئے عرض کیا کہ اس بل پر نکتہ چینی ہو رہی ہے۔ اس خیال سے میں نے یہ گذارش کی ہے۔ مجھے اس بات کا احساس ہے کہ بل کی جو ۱۹، ۲۰ کلازیں ہیں ان میں یہ چیز نہیں ہے میں تو یہ عرض کر رہا ہوں کہ باہر سے یہ نکتہ چینی ہو رہی ہے کہ اسلام کی بات اس میں نہیں ہے تو میں نے اس لئے عرض کیا کہ کچھ اس کے اندر موجود ہے آئندہ یہ پارلیمنٹ انشاءاللہ اس کو مکمل کر لے گی اور میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا میں آپ کا شکرگذار ہوں اور میں یہ گذارش کروں گا کہ ان ترامیم کو اس جذبے کے ساتھ دیکھا جائے جس کے تحت ان کو پیش کیا گیا اور جس جذبے کے ساتھ نیشنل اسمبلی نے consensus کے ساتھ ان کو منظور کیا۔ میں توقع کرتا ہوں کہ معزز اراکین یقینی طور پر اسی جذبے کے ساتھ اس کو دیکھیں گے اور ہماری رہنمائی کریں گے اور انشاءاللہ تعالیٰ ہم قوم کی توقعات پر پورا اتریں گے۔ جناب والا! میں آپ کا بھی شکرگذار ہوں کہ آپ نے مجھے یہ گذارشات پیش کرنے کا موقع مرحمت فرمایا۔ آپ کی بہت مہربانی لیکن میں ایک گذارش ضرور کروں گا کہ جب معزز اراکین اظہار خیال فرمالیں گے تو پھر بھی مجھے موقع دیا جائے کہ میں اس کی روشنی میں کچھ مزید گذارشات پیش کر سکوں شکریہ!

**جناب چیئرمین:** بہت شکریہ! پیشتر اس کے کہ میں کسی اور سپیکر کو درخواست کروں کہ وہ ایوان کو مخاطب کرے جن اصحاب نے ابھی نام نہیں لکھوائے اگر اپنی سیٹ پر ہی ہاتھ کھڑے کر دیں تو ہم ان کا نام نوٹ کر لیں گے۔ جناب شاد محمد خان، بیرسٹر ظہور، وسیم سجاد صاحب، نبی بخش زہری۔ شیخ اعجاز صاحب جناب جبار صاحب، صاحبزادہ الیاس صاحب، پیر عباس شاہ، جناب مولانا کوثر نیازی صاحب، قاضی حسین احمد صاحب، جناب بلیچو صاحب، اگر کوئی اور رہ گئے ہیں تو وہ کل لکھوا دیں۔ تو میں اب جناب احمد میاں سومرو سے درخواست کروں گا کہ وہ اظہار خیال کریں۔

**جناب احمد میاں سومرو :** جناب ساڑھے آٹھ ہو رہے ہیں ۔ ہم بہت تھکے ہوئے ہیں ۔ کل پر adjourn کر دیں کل صبح رکھیں ۔ آج صبح بھی ہم وزیراعظم صاحب کے ساتھ بیٹھے رہے ۔

**جناب چیئرمین :** مجھے تو کوئی اعتراض نہیں ۔

**جناب احمد میاں سومرو :** ہاؤس کا سنس یہ ہے کہ کل صبح کو رکھا جائے ۔

**جناب چیئرمین :** کل ساڑھے نو بجے تک اجلاس ملتوی کیا جاتا ہے ۔

---

[*The House adjourned to meet again at half past nine of the Clock in the morning 29th,* 1985.]

---

پی سی پی پی آئی - ۲۰۰۷ (۸٦) ۸٦-۱۰-۲۷ / ۳۰۰